GPE Transforming Education

آغا خان یونیورسٹی
THE AGA KHAN UNIVERSITY
Institute for Educational Development

unicef for every child

# 03-DAY TRAINING MODULE

# URDU (LITERACY)




## BALOCHISTAN STUDENT LEARNING IMPROVEMENT PROGRAMME (BSLP)

# فہرست


| نمبر شار | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| .1 | تعارف | 3 |
| .2 | تربیتی کورس کے بنیادی مقصد | 5 |
| .3 | اہم نکات برائے سہولت کار | 5 |
| .4 | اوقاتِ کار کی تقسیم | 8 |
| .5 | تین روزہ تربیتی پروگرام کا اجمالی خاکہ | 9 |
| .6 | پہلے دن کا تدریسی منصوبہ:<br>تدریس کے مقاصد، اوقات کار اور تدریسی سرگرمیوں کی تفصیلات | 11 |
| .7 | دوسرے دن کا تدریسی منصوبہ:<br>تدریس کے مقاصد، اوقات کار اور تدریسی سرگرمیوں کی تفصیلات | 23 |
| .8 | تیسرے دن کا تدریسی منصوبہ:<br>تدریس کے مقاصد، اوقات کار اور تدریسی سرگرمیوں کی تفصیلات | 40 |
| .9 | ضمیمہ جات | 57 |

# تربیتی پروگرام کا تعارف

یہ تربیتی پروگرام یونیسف بلوچستان اور آغا خان یونیورسٹی فار ایجوکیشنل ڈویلپمنٹ کے ایک اہم پروجیکٹ، "بلوچستان اسٹوڈنٹ لرننگ امپروومنٹ پروگرام(BSLP)" کا حصہ ہے۔

یہ تربیتی پروگرام ان اساتذہ کے لیے مرتب کیا گیا ہے جو اردو زبان کی قومی نصاب ۲۰۲۲ اور اس کی بنیاد پر بننے والی اردو زبان کی نئی کُتب کی تدریس کے ذمہ دار ہوں گے۔ اس کی تیاری میں پرائمری جماعتوں کے نصاب، حاصلاتِ تعلم(Learning Outcomes)، نصابی کُتب اور طالب علموں کی استعداد کو مدّ نظر رکھا گیا ہے۔ اس میں زیادہ توجہ زبان کی جملہ مہارتوں کی تدریس، منصوبہ سازی، جائزہ اور ریفلیکشن پر دی گئی ہے۔ اس میں شامل سرگرمیوں کا انتخاب کرتے وقت اس بات کا خیال رکھا گیا ہے کہ وہ سیاق وسباق سے متعلقہ، زباندانی کی ضروریات کے عین مطابق، سادہ اور دلچسپ ہونے کے ساتھ ساتھ، محدود اور دستیاب وسائل میں پرائمری جماعتوں میں کروائی جاسکیں۔ اس لیے امید ہے کہ یہ تربیتی پروگرام اردو اساتذہ کے تدریسی معیار کو بلند کرنے کے لئے سود مند ثابت ہو گا۔

اس مختصر تربیتی پروگرام کی بنیاد ان باتوں پر رکھی گئی ہے کہ اردو لسانیات کے اساتذہ نئے نصاب کے عین مطابق نئی درسی کُتب کو مؤثر طریقے سے استعمال کرتے ہوئے اُردو زبان کی تدریس انجام دے سکیں اور تدریسی عمل میں طلبہ کو مرکزی حیثیت دے کر ان کی جملہ لسانی مہارتوں کو تقویت دے سکیں۔ اس کے علاوہ اس بات کا بھی خیال رکھا گیا ہے کہ تعلّم کے عمل میں اکیسویں صدی کے لازمی مہارتوں اشتراک وباہمی تعاون، تنقیدی سوچ وفکر، تخلیقی صلاحیت کے فروغ کے ساتھ ساتھ چیلنجز اور مسائل کو حل کرنے کی صلاحیت پروان چڑھ سکے۔ درسی کتب میں شامل سرگرمیاں جیسے لسانی کھیل، بحث ومباحثے، کہانی اور تحریری مراحل پر خاص توجہ دی گئی ہے۔ علاوہ ازیں ،جدید دور میں ہونے والی تحقیقات کے نتیجے میں حاصل معلومات کو بھی، جن سے اساتذہ کی تربیتی ضروریات کی تکمیل ممکن ہے اس تربیتی پروگرام کا حصہ بنایا گیا ہے۔

اس پختہ یقین کے ساتھ تربیتی پروگرام کو مرتب کیا گیا ہے کہ اسکول میں داخل ہونے والا ہر طالب علم سیکھنے کی قدرتی صلاحیت، جستجو اور لگن لے کر اسکول میں داخل ہوتا ہے۔ طالب علموں کی ان خداداد صلاحتیوں کو اساتذہ اپنی تدیسی سرگرمیوں کے ذریعے پروان چڑھا سکتے ہیں۔ لسانی مہارتیں اس وقت بہترین نموپاتی ہیں جب طالب علم سیکھنے کے عمل میں فعال اور سرگرم رہیں، جہاں انہیں اپنے ساتھیوں کے ساتھ بحث ومباحثہ کرنے کے مواقع فراہم ہوں، جہاں طلبہ کی ہمت وحوصلہ افزائی ہو، اور جہاں کمرۂ جماعت میں طلبہ کے لیے سیکھنے کا بہترین ماحول میسر ہو۔ اور یہ تمام مقاصد تربیت یافتہ اساتذہ کے کامیاب تدریسی عمل سے ہی ممکن ہے۔

## طریقہ ہائے تدریس

درران تربیت، (Trainer)ٹرینرمندرجہ ذیل بنیادی طریقہ ہائے تدریس استعمال کریں گے۔

دائرے کے اوقات، بحث ومباحثہ، انفرادی و گروہی سرگرمیاں، کہانی گوئی، رول پلے، لسانی کھیلوں پر مبنی طریقے، فکری تحریک، ذہنی اور تصوراتی نقشہ سازی، تصویری خاکے، ٹیکنالوجی کا استعمال، پیش گوئی، سوالیہ طریقے وغیرہ

نوٹ: تدریس کے درجہ بالا طریقے اردو زبان کی یکساں قومی نصاب میں بھی تجویز کئے گئے ہیں۔

## تشکیلی اور مجموعی جائزہ

ہر دن کے آغاز پر گذشتہ دن کی آموزش کا جائزہ سوالات اور جوابات کے ذریعہ لیا جائے گا۔ اس کے علاوہ شرکاء کی تخلیق کی ہوئی سرگرمیوں سے بھی ان کی آموزش کا جائزہ لیا جائے گا۔ تفویض کار بھی مجموعی جائزے کی تکنیک کے طور پر استعمال کیا جائے گا۔

## شرکاء کے تجربات اور مشق کی حوصلہ افزائی

کورس لیڈر / (Trainer)ٹرینز شرکاء کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے یہ بھی سکھائیں گے کہ لسانی کھیل اپنے گھروں میں اپنے بہن، بھائی، رشتہ داروں اور دوستوں کے ساتھ کھیلیں اور خود بھی نئے نئے لسانی کھیل تخلیق کریں۔ تجربہ یہ سکھاتا ہے کہ طلبہ نہ صرف ان کھیلوں میں دلچسپی لیتے ہیں بلکہ خود بھی بہت سے کھیل تخلیق کر سکتے ہیں۔ آپ بھی کوشش کریں اور حیرت انگیز نتائج دیکھیں۔ دورانِ تربیت شرکاء کی حوصلہ افزائی کی جائے گی کہ وہ باہمی اشتراک سے اور مخلص ہو کر تنقیدی سوچ کے ذریعے آپس میں مل جل کر بہت سی دلچسپ سرگرمیاں تخلیق کر سکیں۔

## تربیتی کورس کے مقاصد

یہ تربیتی کورس تین دنوں یعنی کُل ساڑھے سولہ گھنٹوں پر مشتمل ہے۔ اس کورس کی تکمیل کے بعد اساتذہ اس قابل ہو جائیں گے کہ؛

- تدریس کے موجودہ تصورات اور طریقوں پر غور خوض کرتے ہوئے ان کا تجزیہ کر سکیں اور ان میں بہتری کے حوالے سے اپنی رائے دے سکیں۔
- زبان کی تدریس کے سلسلے میں ایک اچھے معلم یا معلمہ کے خوبیوں سے آگاہی حاصل کرتے ہوئے اپنے اندر ان خوبیوں کی شناخت کر سکیں۔
- اردو زبان کے قومی نصاب 2022 کا اجمالی جائزہ لیتے ہوئے اردو کی درسی کتب کے ساتھ اس کے ربط کا جائزہ لے سکیں۔
- لسانیات اور اس کی تدریس کے حوالے سے چیدہ چیدہ اصطلاحات سے واقفیت حاصل کر سکیں جیسے حاصلات تعلّم، لسانی مہارتیں، وغیرہ
- لسّانی مہارتوں کی تدریس کے لیے مختلف مہارتوں کا اخطلاط نیز منصوبہ سازی کرتے ہوئے دوسروں کے منصوبوں پر فیڈ بیک (Feedback) دے سکیں۔
- قومی نصاب کے تحت چھپنے والی درسی کُتب میں شامل اسباق، حاصلاتِ تعلّم اور مختلف موضوعات کی تدریس کے نمونے پیش کر سکیں اور دوسروں کے پیش کردہ منصوبوں پر (ان کی بہتری کے لیے) تجاویز دے سکیں۔
- تدریسِ زبان کے سلسلے میں جائزے کی اہمیت، اس کے عملی اطلاق، اس سے متعلق حکمتِ عملیوں اور سرگرمیوں پر بحث و مباحثہ کر سکیں۔
- سبقی منصوبہ سازی، اس کی اہمیت، اس کے اجزاء اور مختلف فارمیٹ پر منصوبہ بندی سازی کے مطابق تدیس کی مشق کا عملی نمونہ پیش کرتے ہوئے دوسرے کے پیش کردہ سبقی منصوبوں پر فیڈ بیک (Feedback) دے سکیں۔

## اہم نکات برائے سہولت کار

### Important notes for Facilitator

درجہ بالا مقاصد کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ہر دن کے مخصوص تدریسی مقاصد اور سرگرمیاں ترتیب دی گئی ہیں۔ کورس لیڈر / (Trainer) ٹرینر / سہولت کار کی مکمل رہنمائی کے لئے ہر نکتے کو تفصیل میں تحریر کیا گیا ہے۔ کورس لیڈر اس مواد کو دیکھتے ہوئے

اپنی پریزنٹیشن خود تیار کریں۔ اہم الفاظ یا مختصر جملے اس طرح شامل کریں کہ شرکاء کو ہر نکتے کی تفصیل اس انداز میں سمجھائیں کہ مقاصد کی واضح تکمیل ممکن ہو۔ کچھ اہم نکات (Trainer) ٹرینر کی رہنمائی کے لیے ذیل میں دیئے جا رہے ہیں۔ جیسے (Trainer) ٹرینر کے ذہن میں یہ سوالات واضح ہوں؛ (یہ صرف چند مثالی سوال ہیں)

1. لسانی مہارتیں کون سی ہیں اور ان کو کیسے فروغ دیا جاسکتا ہے؟
2. پڑھائی کے بنیادی مہارتوں کے اجزاء اور ان کا مفہوم و مطلب کیا ہے؟
3. لسانی کھیل کی تعریف کیا ہے اور زبان سیکھنے میں لسانی کھیلوں کی کیا اہمیت ہے؟

مثالی نکات:

پاور پوائنٹ پر مندرجہ بالا نکتے اس طرح مختصر لکھے جاسکتے ہیں۔

- لسانی مہارتیں اور ان کا فروغ۔
- پڑھائی کی بنیادی مہارتوں کے اجزاء اور مفہوم۔
- لسانی کھیل کی تعریف اور زبان کی فروغ میں ان کی اہمیت۔

تدریسی مواد:

(Trainer) ٹرینر یا کورس لیڈر اس امر کو یقینی بنائیں کہ سرگرمیوں میں استعمال ہونے والا تدریسی مواد ایک دن پہلے ہی تیار کر لیا جائے تاکہ وقت کا ضیاع نہ ہو اور سرگرمیوں کا انعقاد تسلسل کے ساتھ بغیر کسی رکاوٹ کے جاری رہے۔ اس ضمن میں وسائل ضمیمہ جات میں موجود ہیں جنہیں شرکاء کی تعداد اور سرگرمیوں کے لحاظ سے تیار کیا جائے گا۔

سرگرمیوں کے لئے منتخب کیا گیا وقت:

تمام سرگرمیوں اور لسانی کھیلوں کو تجرباتی مرحلہ سے گزار کر سرگرمیوں کو دیئے گئے وقت کا تعین کیا گیا ہے۔ کچھ سرگرمیوں کو کم وقت دیا گیا ہے باقی (Trainer) ٹرینر اپنے حساب سے سرگرمیوں کے لیے تجویز کیے ہوئے وقت میں کمی بیشی کر سکتا ہے یا اپنے تجربے کے حساب سے سرگرمیاں شامل کر سکتا ہے تاہم اس بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ ہر دن کی متعین کردہ سرگرمیاں صبح ۹:۰۰ بجے سے لے کر ۴:۰۰ بجے تک چائے اور کھانے کا وقفہ نکال کر بخوبی مکمل کی جاسکیں۔ کچھ اہم تجاویز مندرجہ ذیل ہیں؛

## شرکاء کی تخلیق اور تحریری کام کی پیشکش:

کورس لیڈر تمام شرکاء کے گروپ ورک، تحریری اور تخلیقی کام دیوار پر آویزاں کریں۔ تاکہ شرکاء ایک دوسرے کے تجربات (جو چارٹ میں تحریر کئے گئے ہیں) اپنے فارغ اوقات میں پڑھ کر استفادہ کر سکیں۔ کورس لیڈر یا (Trainer) ٹرینر تمام شرکاء کی حوصلہ افزائی کرتے رہیں اور دوران تدریس کورس کے بارے میں وقتاً فوقتاً پوچھتے بھی رہیں۔ مثال کے لئے بھی شرکاء کے بنائے چارٹ کا استعمال کریں۔

تمام گروپ لیڈرز سے پیشکش کروانے کی بجائے ایک یا دو گروپ کے ممبروں سے نمائندگی کے طور پر بھی پیشکش کروائی جا سکتی ہے۔ (صرف وقت کو منظم کرنے کے لیے اگر ضرورت ہو)

تمام گروپ سے کہیں کہ وہ اپنے تحریر کردہ اہم نکات میں سے کوئی دو پڑھ کر سنائے لیکن اگر کوئی نکتہ پہلے دیا جا چکا ہے تو اس کو نہ دہرائیں۔

گروپ کو منظم کرنے کا طریقہ ایسا ہو کہ ہر ایک مختلف پہلوؤں پر کام کرے۔ یعنی مختلف سرگرمیوں میں مختلف گروہ کی پیشکش ہو۔

## وقت کا صحیح استعمال:

اُردو کے اس تربیتی پروگرام کی کامیابی وقت کے صحیح استعمال میں پوشیدہ ہے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ کورس لیڈر اس امر کو یقینی بنائیں کہ سرگرمیوں کی ترسیل اور وسائل کی فراہمی کو بروقت ممکن بنائے تاکہ وقت کا ضیاع کم سے کم ہو اس لیے کورس (Trainer) ٹرینر انتظامی امور اور مواد کی تیاری پہلے سے مکمل کر لیں تاکہ وقت کا صحیح استعمال ہو سکے۔

# اوقاتِ کار کی تفصیل

کل تین روزہ تربیتی پروگرام میں ہر روز کے اوقات کی تفصیل ذیل میں درج ہے۔

| سرگرمیاں | پروگرام کا دورانیہ | وقت |
|---|---|---|
| نشست کا پہلا حصہ | ۱ گھنٹہ ۳۰ منٹ | 9:00 to 10:30 |
| وقفہ برائے چائے | آدھا گھنٹہ | 10:30 to 11:00 |
| نشست کا درمیانی حصہ | ۲ گھنٹے | 11:00 to 1:00 |
| وقفہ برائے کھانا / نماز | ۱ گھنٹہ | 1:00 to 2:00 |
| پروگرام کا آخری حصہ | ۲ گھنٹے | 2:00 to 4:00 |
| ایک دن کل دورانیہ: | ۵ گھنٹے ۳۰ منٹ | |

# تین روزہ تربیتی پروگرام کا اجمالی خاکہ

| دن | موضوع/موضوعات | ذیلی موضوعات/تفصیل | وقت |
|---|---|---|---|
| پہلا دن | اردو زبان کی تدریس: ایک تعارف۔ | • تعارفِ شرکاء اور تربیت میں شرکت کے اصول کی تیاری۔<br>• تربیتی کورس کا تعارف۔<br>• ایک اچھے اردو استاد کی خصوصیات اور ذمہ داریاں۔<br>• اردو زبان کی ضرورت و اہمیت۔<br>• قومی نصاب پاکستان (NCP) کا تعارف۔<br>• پیش رفت کے خاکے کا تدریسی استعمال۔<br>• عکس اندازی اور فیڈبیک۔(Feedback) | ۵ گھنٹے ۳۰ منٹ |
| دوسرا دن | لسانی مہارتیں اور ان کی تدریس۔ (گفت وشنید اور پڑھنا)۔ | • سابقہ دن کے اہم نکات کا خلاصہ اور تجزیہ۔<br>• زبان کی بنیادی مہارتیں۔(بولنا، سننا، پڑھنا، لکھنا اور قواعد اور الفاظ شناسی) اور ان کی اہمیت۔<br>• تدریسی مہارتیں اور ان کے تدریسی طریقے۔<br>❖ سننا اور اور بولنا۔ تدریسی طریقے: گفت وشنید کی تدریسی اہمیت اور روزمرہ جماعت میں اس کا استعمال۔<br>❖ پڑھنا۔ تدریسی طریقے: پڑھائی کی مہارت کے تدریسی طریقے پر مبنی سرگرمیاں۔ | ۵ گھنٹے ۳۰ منٹ |
| تیسرا دن | لسانی مہارتوں کی مربوط سبقی منصوبہ سازی۔ جائزہ اور عکاسی۔ | • سابقہ دن کا اعادہ کرتے ہوئے سیکھے گئے اور استعمال کئے تدریسی طریقوں کا اعادہ کر سکیں<br>• قواعد کی تدریس کے استقرائی/Inductive طریقے کی اہمیت کا عملی مظاہرہ<br>• تحریری مہارت کے تدریسی طریقے پر مبنی سرگرمی م اور اس کی افادیت پر تبادلہ خیال | ۵ گھنٹے ۳۰ منٹ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | • سبقی منصوبے کے بنیادی اجزاء کی شناخت اور سبقی خاکے کی تشکیل<br>• مختص حاصلاتِ تعلم کے ساتھ مربوط مہارتوں کی تدریسی منصوبہ سازی<br>• تشکیلی جانچ (assessment for learning) کی افادیت اور سبقی منصوبے میں اس کے استعمال کا تجزیہ<br>• مجموعی طور پر سہ روزہ تربیتی کورس پر فیڈ بیک (Feedback) | |
| پروگرام کا مجموعی دورانیہ | | | ۱۶ گھنٹے ۳۰ منٹ |

تربیتی نشست برائے اردو اساتذہ

# پہلا دن

# اردو زبان کی تدریس

## ایک تعارف

## پہلا دن: اردو زبان کی تدریس: ایک تعارف

### تدریسی مقاصد:

اس سیشن کی تکمیل کے بعد زیرِ تربیت اساتذہ اس قابل ہو جائیں کہ؛

- تعارفی پیغام تحریر کر سکیں اور اس پر تبادلہ کرتے ہوئے اس کی توجیہہ بیان کر سکیں،
- مؤثر اور اچھے اردو اساتذہ کی خصوصیات کی نشاندہی کر سکیں؛
- مختص پہلو کی روشنی میں اردو زبان کی تدریسی اہمیت رول پلے کی صورت واضح کر سکیں؛
- قومی نصاب پاکستان کی دستاویز کی اجزائے ترکیبی سے تعارف کے ساتھ اصطلاحات، ترتیب و پیشکش اور مقاصد کی اہمیت کا اعادہ کر سکیں؛
- پیش رفت کے خاکہ / پروگریشن گرڈ کا استعمال کرتے ہوئے سرگرمیاں وضع کر سکیں اور پیش کر سکیں؛
- سرگرمیوں کے فیڈ بیک (Feedback) سے پیش رفت کی اہمیت کے استعمال کی اہمیت پر اپنی رائے دے سکیں۔

| وقت | ذیلی موضوعات | سرگرمیاں / طریقہ کار | تدریسی معاونات / وسائل |
| --- | --- | --- | --- |
| 9:00–9:20<br><br>20منٹ 3منٹ تلاوت<br><br>3منٹ: نام کے ٹیگ کے لیے۔<br><br>6منٹ اشتراک و تبادلہ۔<br><br>8منٹ فیڈ بیک (Feedback) | تعارفی پیغام۔ | • بعد از تلاوت آج کے دن کا باقاعدہ آغاز کرتے ہوئے (Trainer) ٹرینر تمام شرکاء کو خوش آمدید کہیں گے۔<br><br>**ٹرینیر کے لیے اہم نوٹ:** تمام (Trainer) ٹرینرز اس بات کا لازمی ممکن بنائیں گے کہ تربیتی نشست کے لئے شرکاء سے پہلے اس کمرے میں موجود ہوں جہاں اس کا اہتمام ہو تا کہ شرکاء کو خوش آمدید کہہ سکیں۔<br><br>• شرکاء کو سب سے پہلے ناموں کے ٹیگ بنانے کے لئے پہلے سے تیار رنگین پرچیاں دیں جائیں گی پرچی پر بڑا بڑا اپنا نام اردو میں لکھیں<br><br>(ضمیمہ 1۔ سات مختلف اشکال پر مبنی پرچیاں جس میں سات مختلف رنگ کے اے فور پیپر استعمال کیے جائیں گے۔ اس طرح (Trainer) ٹرینر دن میں دو دفعہ گروہ بندی کے لیے اس نام کے ٹیگ کو استعمال کر سکے گا۔ پہلے رنگ سے شرکاء کی ترتیب اور پھر اشکال سے شرکاء کی ترتیب دے کر دو مختلف انداز میں ان ناموں کے ٹیگ کو استعمال کرتے ہوئے سات گروہ بنائیں گے۔ اس سرگرمی کے وسائل شرکاء کی تعداد کے مطابق بدلے جاسکتے ہیں)<br><br>**جمود شکن سرگرمی / Ice Braking Activity**<br><br>• اس کے ساتھ ہدایت کی جائے گی کہ زندگی کے نام کوئی پیغام ایک جملہ یا فقرہ لکھیے۔<br>• اب سب شرکاء کھڑے ہوں اور کسی بھی تین افراد سے اپنے پیغامات پر تبادلہ و اشتراک کیجیے۔ اپنے لکھے پیغام کو بتا کر اس پیغام کو لکھنے کی وجہ پر بات کیجیے۔<br>• مختص وقت کے بعد جگہ پر واپسی کے لئے تالی بجائیں یا کوئی اشارہ استعمال کریں۔<br><br>اہم نوٹ: اس سرگرمی کے دوران (Trainer) ٹرینر شرکاء کے پیغام اور گفتگو کو سننے اور اس پر تبادلہ کرنے میں حصہ لیں گے۔ شرکاء کے مختلف گروہ کے ساتھ ان کے تبادلے کو قریب سے سنیں گے۔ اگر کوئی علیحدہ کھڑا ہو یا اسے کوئی ساتھ نہ مل رہا | اشکال چوکور، دائرہ، بیضوی، مثلث، بادل، ستارا، دل۔<br><br>کی اشکال میں پہلے سے کاٹی گئی رنگین پرچیاں<br>۔( |

| تدریسی معاونات / وسائل | سرگرمیاں / طریقہ کار | ذیلی موضوعات | وقت |
|---|---|---|---|
| | تو اس کی معاونت کرنا اور ساتھیوں سے تبادلے و اشتراک کو ممکن بنانا (Trainer) ٹرینز کا کام ہے۔<br>• اس سرگرمی کے اختتام پر سب جب اپنی جگہ پر واپس بیٹھ جائیں تو شرکاء سے پوچھیئے کہ ان سات منٹ میں ان کے تاثرات پر فیڈبیک (Feedback) لیجیے ۔ جس میں پوچھیے:<br>سب کے پیغام سن کر اور تبادلہ کرتے ہوئے آپ کے ذہن پر اس گفت و شنید کا کیا اثر ہوا؟<br>**ٹرینز کے لیے نوٹ:** یہاں ابتدائی سرگرمی اور انجان شرکاء سے شناسائی اور ایک دوسرے کے ساتھ باہمی اشتراک کے لئے مواقع فراہم کرکے پرسکون سیکھنے کا ماحول بنانے میں مدد ملتی ہے۔ یہاں (Trainer) ٹرینز آغاز کی دلچسپ سرگرمیاں اور تعلیمی سال کے آغاز میں طلبہ کو ایک دوسرے سے اشتراک بڑھانے کے لیے کس طرح مختلف سرگرمیاں کرواسکتے ہیں۔ | | |
| مقاصد اور پروگرام کے مجموعی خاکے کی سلائیڈ۔<br>پہلے دن کے مقاصد کی سلائیڈ۔ | • اب شرکاء کو اس سہ روزہ تربیتی پروگرام کے مجموعی مقاصد اور دورانیے سے متعارف کروایا جائے گا۔ جس میں تینوں دن کن پہلوؤں پر توجہ مرکوز ہوگی اور اس کا مختصر تعارف دیا جائے گا۔<br>• آج کے دن کی تربیت کے مقاصد بتائے جائیں گے۔ | تربیتی پروگرام کا تعارف۔ | 20منٹ<br>9:20۔9:40 |
| مارکر۔ | **گروہی سرگرمی/ Group work**<br>• اب ٹرینز شرکاء کی گروہ بندی ان کے ناموں کے ٹیگس کے رنگوں سے کریں گی۔ (50 شرکاء میں سات مختلف گروہ بنے گے۔ یہ تعداد شریک تعداد کی مناسبت سے کم یا زیادہ ہوسکتی ہے۔) | تربیت میں شرکت کے اصول کی تیاری<br>۔ | 20منٹ<br>9:40–10:00 |

| تدریسی معاونات / وسائل | سرگرمیاں / طریقہ کار | ذیلی موضوعات | وقت |
|---|---|---|---|
| ضمیمہ 2 کی پرچیاں ہر گروہ کے اشارات کے لیے<br><br>چارٹ پیپر۔<br><br>ٹیپ یا پن۔ | • شرکاء کو ہدایت کی جائے گی کہ ہر ایک اپنے دیئے گئے موضوع یا اشارے پر تربیتی نشست میں شریک ہونے کے اصول بنائیے۔ یہ اشارے پہلے سے تیار پرچیوں پر ہوں گے۔ (ضمیمہ 2)<br>• ہر گروہ کو چارٹ پیپر کا آدھا حصہ مرکر کے ساتھ دیا جائے گا۔ اصول پر اشاراتی پرچی چسپاں کر کے مارکر سے اصول لکھنے کی ہدایت دی جائے گی۔ ہر ایریا میں دو اصول لازمی بنانے ہیں۔<br>• ان اصولوں کو بناتے ہوئے آپ علامتی تصاویر کا استعمال بھی کر سکتے ہیں۔ (Trainer)ٹرینر وسائل کی ترسیل کو ممکن بناتے ہوئے ہدایات دیں گے<br>• 10 منٹ مختص کئے جائیں گے۔ ان اصولوں کو تربیتی کمرے میں نمایاں جگہ ایک ساتھ چسپاں یا آویزاں کر دیا جائے گا اور تربیت کے تینوں دن یہ اصول جماعت میں موجود رہیں گے۔<br>• تمام اصول چسپاں ہونے کے بعد (Trainer)ٹرینر با آوازِ بلند خو تمام اصول پڑھیں یا شرکاء سے پڑھوائیں۔<br><br>**ٹرینر نوٹ:** یہاں یہ واضح کرنا ہے کہ اگر طلبہ خود جماعت کے اصول بناتے ہیں تو احساسِ ذمہ داری بڑھتا ہے۔ ٹیچر طلبہ میں خود اعتمادی اور معاشرتی شعور بڑھا سکتے ہیں۔ اس طرح سال کے شروع میں جماعتی اصول طلبہ پر مسلط کرنے کے بجائے ان سے بنوائے جائیں تو اس کا اثر مثبت پڑتا ہے۔ | | |
| ہدایات کی سلائیڈز<br><br>چارٹ پیپر<br><br>مارکر<br><br>ٹیپ<br><br>پوسٹڈ نوٹس | سوچیے، ساتھی کو بتائیے، اشتراک کیجئے / **Think pair and Share**<br><br>• اب (Trainer)ٹرینر شرکاء کو ہدایت دیں گے کہ انفرادی طور پر اپنے زمانۂ طالبعلمی کو یاد کیجیے اور فہرست بنائیے کہ اردو کی جماعت میں آپ کو پڑھتے ہوئے اپنے معلم یا اپنی معلمہ کی کون کون سی باتیں پسند تھیں اور کون کون سی باتیں ناپسند تھیں۔ (وقت ۲ منٹ)<br>• اب گروہی صورتحال میں ایک دوسرے سے اپنی بنائی فہرست پر تبادلہ کیجیے اور پسندیدگی اور ناپسندیدگی کی وجوہات پر غور کیجیے۔ | اچھے اردو ٹیچر کی خصوصیات۔ | 30 منٹ<br><br>انفرادی سوچ<br><br>2 منٹ<br><br>گروہی اشتراک 5 منٹ |

| وقت | ذیلی موضوعات | سرگرمیاں / طریقہ کار | تدریسی معاونات / وسائل |
|---|---|---|---|
| کل جماعتی تبادلہ 10 منٹ | | • ہر گروہ سے دو مشترک باتیں پسند اور ناپسندیدگی کی بتایئے۔ اگلا گروہ اپنے نکات بتاتے ہوئے مختلف پہلوؤں کو مدِ نظر رکھے۔(Trainer)ٹرینر ایک سی باتوں کے علاوہ فیڈ بیک(Feedback)لے تاکہ ہر گروہ سے مختلف پہلو سامنے آئیں۔<br>• اب ہر گروہ کو ہدایت کی جائے گی کہ اس فیڈبیک(Feedback)کی روشنی میں ایک اچھے اردو ٹیچر کی صفات کی فہرست مرتب کریں اور جماعت میں آویزاں کریں۔<br>• اب ہر گروہ کو گیلری واک کرنے کا موقع دیا جائے گا کہ وہ دیگر لوگوں کے بنائے اچھے ٹیچر کے صفات دیکھیں۔ کسی خصوصیت پر اگر کوئی وضاحت ہو تو اس پر پوسٹڈ نوٹ لگا دیں۔<br>• جب سب اپنے پوسٹر تک واپس پہنچے تو پوسٹڈ پر موجود قابلِ وضاحت نکات پر کل جماعتی تبادلہ بھی کیا جائے گا۔(اگر کوئی اعتراض یا پوسٹڈ نوٹ نہیں ہو گا تو اس اچھی خصوصیات کے ساتھ اساتذہ کی تدریس کے فوائد پر تبادلہ کیا جائے گا۔)<br>**ٹیچر نوٹ:** گیلری واک کے درمیان (Trainer)ٹرینر اس بات کو ممکن بنائے کے ہر گروہ ایک دوسرے کی فہرست کے مختلف نکات تک پہنچے جو انہوں نے خود شامل نہیں کئے۔ اور ایسا کوئی نکتہ جو حقیقی طور پر ممکن نہیں تو اسے درست کرنا اور اردو ٹیچر کی حیثیت سے ان خصوصیات کے تدریس پر فوائد پر تبادلہ۔ جو انہوں نے اپنے طالبعلمی سے عکس کئے۔ ان سب کے اختتام پر سب کو اردو کا ایک اچھا استاد قرار دیتے ہوئے اور امید باندھتے ہوئے اس سرگرمی کا اختتام ہو گا۔ | |
| چائے کا وقفہ 11:00-10:30 | | | |
| 11:0012:00<br>60منٹ<br>گروہ بندی<br>2منٹ | اردو زبان کی ضرورت و اہمیت | • اب طلبہ کو ناموں کے ٹیگ سے ایک بار پھر گروہی ترتیب میں منظم کیا جائے گا۔ (Trainer)ٹرینر ٹیگز کی اشکال کے ذریعے گروپ بنائیں گی سات اشکال سات گروپ۔(یہ تعداد شرکاء کی تعداد کے لحاظ سے ہو گی۔)<br>• گروہی تنظیم کے بعد کل جماعتی صورتحال میں طلبہ سے پوچھا جائے گا کہ انفرادی طور پر سوچیں اور فہرست تیار کریں کہ تمام دن اردو زبان کو کہاں کہاں اور کب استعمال کرتے ہیں؟ | |

| وقت | ذیلی موضوعات | سرگرمیاں / طریقہ کار | تدریسی معاونات / وسائل |
|---|---|---|---|
| انفرادی فہرست<br><br>3منٹ<br><br>گروہی تبادلہ<br><br>5منٹ<br><br>کل جماعتی فیڈبیک (Feedback)<br><br>7منٹ<br><br>رول پلے کی تیاری<br><br>13منٹ<br><br>رول پلے پیشکش | | • اب اپنی انفرادی فہرست کو یکجا کر کے گروہی ایک فہرست مرتب کیجیے۔<br>• ہر گروہ کے فیڈبیک (Feedback) میں تین نکات لینے کے بعد دوسرے گروہ کو موقع دیا جائے گا کہ اس فہرست میں اضافہ کیا جائے گا۔ تمام فیڈبیک (Feedback) ٹرینز (Trainer) بورڈ پر لکھیں گے۔ آخر تک اس میں اضافہ ہوتا جائے گا۔<br><br>**ٹرینز کے لئے نوٹ:** ممکنہ جوابات ہوسکتے ہیں: معمول کی بات چیت، خریداری کرتے ہوئے، خبریں، اعلان، اشتہارات، ٹیوی ڈرامہ، فون پر گفتگو، گھریلو ملازمین کو ہدایت، دوستوں سے تعلق، رشتہ دوروں سے تبادلہ، پڑھنے لکھنے میں استعمال،، ادبی محافل، جماعت میں وضاحت و تبادلہ کے لئے استعمال، میٹنگ، تربتی نشست، مذاکرہ، سیاست، جلسہ، جلوس، بیانات وغیرہ<br><br>رول پلے کی سرگرمی:<br><br>• اب (Trainer) ٹرینز ہر گروہ کو ایک پہلو دیتے ہوئے اس پر صورتحال بنا کر رول پلے پیش کرتے ہوئے اردو کی اہمیت اجاگر کرنے کا موقع دیں گے۔<br>• سات گروہ کے لئے رول پلے کے موضوعات دیئے جائیں گے ان موضوعات کے کارڈز بنا کر انہیں دیئے جائیں گے۔<br>1. اردو زبان کی معاشرتی اہمیت،<br>2. اردو زبان کی ثقافتی اہمیت<br>3. اردو زبان کی تاریخی اہمیت<br>4. اردو زبان کی تعلیمی اہمیت<br>5. اردو زبان کی قومی اہمیت<br>6. اردو زبان کی سیاسی اہمیت<br>7. اردو زبان کی ادبی اہمیت | |

| وقت | ذیلی موضوعات | سرگرمیاں / طریقہ کار | تدریسی معاونات / وسائل |
|---|---|---|---|
| مطالعہ<br>10 منٹ | | • شرکاء کو تیاری کے لئے دس منٹ دیئے جائیں گے اور رول پلے (جو ۲ سے تین منٹ پر مشتمل ہو) مختصر ہونا چاہیے جس کا مقصد کلیدی نکات ناظرین تک پہچانا ہے۔<br>• دورانِ پیشکش وقت کی پابندی کا خاص خیال رکھا جائے گا۔<br>• اس سرگرمی کے اختتام پر (Trainer) ٹرینر اردو زبان کی تدریس پاکستان کے ثقافتی و قومی ضرورت کے تناظر میں اہم نکات کی سلائیڈ پر مبنی پہلوؤں پر کرتے ہوئے کسی بھی زبان کو سیکھنا اور اس کی مادری زبان سے بنیاد کو مربوط کر کے پڑھانا۔ دیگر مضامین سے ربط وغیرہ پر تبادلہ کرتے ہوئے اس کی اہمیت کو واضح کیا جائے گا۔<br>• اگلی سرگرمی میں گروہ میں مطالعے کے لئے متن ضمیمہ 3 دیا جائے گا۔ گروہی صورتحال میں پڑھیں اور ایک مختلف بات جو رول پلے میں واضح نہیں ہوئی ہر گروہ سے لی جائے گی۔ | |
| 12:00-01:00<br>60منٹ<br>نصابی دستاویز کا مختصر جائزہ<br>20منٹ<br>فیڈ بیک<br>(Feedback)<br>10منٹ | نصابی دستاویز<br>2022 کا تعارف | • شرکاء کو قومی نصابی دستاویز آن لائن دکھائی جائے گی۔ اس کی ہارڈ کاپی یا آف لائن کاپی محفوظ رکھی جائے گی تاکہ نیٹ کی عدم موجودگی میں بھی یہ سرگرمی کروائی جا سکے۔<br>• قومی نصاب اردو کی اہمیت کے پیشِ نظر مرتب ہے۔ اس کے اجزاء حصے اور پیش رفت کا خاکہ دیکھنے اور اس پر سابقہ معلومات کو اخذ کروایا جائے گا۔ اس کے لئے (Trainer) ٹرینر درجہ ذیل سوالات کل جماعتی صورتحال میں کریں گے:<br>✓ قومی نصاب پاکستان کے تعارف میں کیا اہم باتیں بیان کی گئیں ہیں؟<br>✓ نصابی دستاویز کی ضرورت کیوں ہوتی ہے؟<br>✓ نصابی دستاویز کس طرح تدریسی مواد، متن اور مقاصد کے تعین کے لئے کارآمد ہے؟<br><br>**ٹرینر نوٹ:** ان سوالات کے جوابات کا درست ہونا ضروری نہیں۔ آپ اس کے ادھورے جواب کو چھوڑ کر بغیر وضاحت دستاویز دیکھنے اور ان سوالات کے جوابات تلاش کرنے کا وقت دیجئے۔ دستاویز تین حصوں میں ہے آپ تعارف اور پیش رفت کے خاکے پر توجہ دیجئے۔ | |

| تدریسی معاونات / وسائل | سرگرمیاں / طریقہ کار | ذیلی موضوعات | وقت |
|---|---|---|---|
| | **قومی نصاب کی دستاویز سے پیش رفت کا خاکہ پڑھنا اور سمجھنا**<br><br>• تمام شرکاء کو انفرادی طور پر دستاویز کی پیش رفت کے خاکہ کی فوٹو کاپی دی جائے گی۔ اس ہدایت کے ساتھ کہ اسے پانچ منٹ کے لئے بغور دیکھئے اور اس کی ترتیب و پیشکش پر غور کیجئے۔<br>• کل جماعتی فیڈ بیک (Feedback) لیا جائے گا جس میں چند سولات پوچھیں جائیں گے۔ (کوشش کی جائے گی کہ ہر سوال پر تین سے چار فیڈ بیک (Feedback) مختلف لوگوں سے لیا جائے تاکہ سب کو جواب دینے کا موقع ملے)<br>➢ خاکہ میں موجود تقسیم کس لحاظ سے کی گئی ہے؟<br>➢ خاکہ میں لفظ "حدِ تدریج" سے آپ نے کیا سمجھا اور یہ کیوں ضروری ہے؟<br>➢ مہارت اور معیار کے درمیان کیا فرق ہے؟<br>➢ حاصلاتِ تعلم سے آپ نے کیا سمجھا؟<br>➢ حدِ تدریج اور حاصلاتِ تعلم میں کیا فرق ہے؟<br>➢ پیش رفت کے خاکہ میں آپ کو پیش رفت کہاں کہاں نظر آئی؟<br>• ہر سوال پر تبادلہ کے ساتھ سلائیڈ کے جوابات بھی دیکھاتے جائیں گے جس سے شرکاء اپنے جوابات کی جانچ اور اصلاح کر سکیں گے۔<br>• اب سب سے اہم سوال کے اس پیش رفت کے خاکہ کا استعمال تعلیمی عمل میں کب اور کہاں کیا جاتا ہے؟ / کیا جانا چاہئے؟<br>• اسی سوچ پر کھانے کے بعد کام کیا جائے گا۔ شرکاء کو وقفہ دیتے ہوئے بتایا جائے گا۔ | | پیش رفت کا خاکہ<br><br>20 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>فیڈ بیک (Feedback) |

**کھانے اور نماز کا وقفہ: 01:00-02:00**

| تدریسی معاونات / وسائل | سرگرمیاں / طریقہ کار | ذیلی موضوعات | وقت |
|---|---|---|---|
| ٹیکسٹ بک<br><br>چارٹ پیپر اور مارکر | **پیش رفت کے خاکہ کا عملی استعمال**<br><br>• شرکاء کو جماعت کے نام دیتے ہوئے تین گروپ میں مرتب کیا جائے گا ایک گروپ سوم۔ دوسرا چہارم تیسرا پنجم کا ہو گا (بڑے گروپ کی صورت میں جماعت دہرالی جائے)<br>• اب تدریسی پیش رفت کا خاکہ اور ٹیکسٹ بک بورڈ کی متعلقہ کتاب کے ساتھ انہیں دو مہارت پر سرگرمیاں بنانے کا کام دیا جائے گا۔<br>(پڑھنا اور لکھنا)<br><br>جس میں ہدایت کی جائے گی کہ:<br><br>• دیئے گئے حاصلاتِ تعلم کے مطابق دیئے گئے خاکہ کے مطابق چارٹ پیپر پر سرگرمیاں بنائیں۔<br>• سرگرمیوں کے لئے نئے ٹیکسٹ بک بورڈ کی دی گئی کتب کا استعمال کیجئے۔<br>• منصوبہ ۳۰منٹ کے دورانیہ کے لئے بنایا جائے،'<br>• جس میں دو مہارتیں پڑھائی اور لکھائی موجود ہوں<br>• وسائل اور وقت کی تقسیم منصوبہ پر واضح ہو<br>• سرگرمی کے اقدامات میں تدریسی طریقہ واضح ہو (طلبہ اور اساتذہ کیا کریں گے؟)<br>• جماعت میں پیش کرتے ہوئے گروپ کے تمام اراکین کی نمائندگی ہونا ضروری ہے۔<br><br>سرگرمی کا خاکہ: ضمیمہ 4<br><br>**ٹریز نوٹ:** حاصلِ تعلم ہر جماعت کے ایک ہی ہوں گے تاہم ہر جماعت کے گروہ کو اسٹرپ پر علیحدہ علیحدہ دیئے جائیں گے۔ (فیڈ بیک (Feedback) لینے سے پہلے تک گروہ کو یہ علم نہیں ہو گا کہ ان کے حاصل، تعلم ایک ہی ہیں،) اس کا مقصد یہ ہے کہ | | 2:40- 2:00<br><br>40منٹ<br><br>گروہی ترتیب اور ہدایات<br><br>10منٹ<br><br>خاکے پر کام<br><br>30منٹ |

| تدریسی معاونات / وسائل | سرگرمیاں / طریقہ کار | ذیلی موضوعات | وقت |
|---|---|---|---|
| | بنائی گئی سرگرمیوں میں پیش رفت واضح ہو گی اور مشق کے ساتھ یہ پہلو بھی عیاں ہو گا کہ پیش رفت مواد، سرگرمیوں اور آپ کے تحریری کام کی نوعیت سے بھی بنتی ہے۔<br>نیچے دیئے گئے حاصلاتِ تعلم اسٹرپ پر کاٹ کر ہر جماعت کو دیئے جائیں گے۔<br>پڑھائی کا حاصلِ تعلم: عبارت (نظم و نثر) پڑھ کر اس میں موجود معلومات، تصورات اخذ کر سکیں۔<br>لکھائی کا حاصلِ تعلم: عنوان / آغاز کی مدد سے کہانی لکھ سکیں۔ | | |
| | سرگرمی کا فیڈبیک: فیڈبیک (Feedback) لیتے ہوئے ہر جماعت اپنا کام پیش کرتے ہوئے چارٹ پیپر جماعت میں آویزاں کرے گا۔<br>اپنی پیش کش کے پاس کھڑے ہو کر تمام تفصیلات سے جماعت کو آگاہ کرے گا۔<br>باقی تمام ارکان سرگرمیوں کو توجہ سے سن کر اس پر سوالات یا رائے دے سکتے ہیں۔<br>ٹرینر نوٹ: تینوں پیش کش کے بعد ان کے درمیان پیش رفت دیکھنے اور ایک ہی حاصلِ تعلم پر تین جماعت میں تین مختلف سرگرمیوں سے بننے والی پیش رفت کی افادیت اور اس کی ضرورت پر فیڈبیک (Feedback) لیا جائے گا۔<br>یہاں شرکاء کو یہ ضرور بتایا جائے گا کہ پیش رفت کا خاکہ اسی مقصد کے پیشِ نظر بنایا گیا ہے۔ اسے استعمال کرنے سے خود بخود پیش رفت واضح ہوتی ہے۔<br>کوئی سوال: کسی نوعیت کی الجھن اور سوال پوچھ سکتے ہیں۔ شرکاء کے ذہن میں کوئی کوئی بھی سوال یا الجھن ہو اس پر اشتراک کیا جائے گا۔ | | 3:20 - 2:40<br>40منٹ<br>ہر گروہ کو 6 منٹ پیشکش کا وقت دیا جائے گا |

| تدریسی معاونات / وسائل | سرگرمیاں / طریقہ کار | ذیلی موضوعات | وقت |
|---|---|---|---|
| پوسٹر نوٹس<br>سوالات کی سلائیڈ<br>مقاصد کی سلائیڈ | دن بھر کی سرگرمیوں کا اعادہ<br>● کل جماعتی صورتحال میں (Trainer)ٹرینرکچھ اس انداز میں سوال کریں گی کہ دن بھر استعمال ہونے والی تدریسی حکمتِ عملیاں بھی اساتذہ کے لئے رہنما ثابت ہوں۔<br>● دن کا آغاز کس سرگرمی سے ہوا اور اس کی تدریسی افادیت کیا ہے؟<br>● کون کون سے تدریسی طریقے دن بھر ہم نے استعمال کئے؟ کون سا سب سے دلچسپ رہا اور کویں؟<br>● وسائل کا استعمال کس طرح تربیتی نشست میں کارآمد رہا؟<br>● آج کے سیکھے ہوئے تین اہم پہلو؟ پوسٹر پر لکھوا کر لرننگ وال کے نام سے تینوں دن کا ایک حصہ مختص رکھا جائے گا جہاں یہ پوسٹر لگائے جائیں گے۔<br>● مقاصد کو دوبارہ دیکھا جائے گا۔ کہ ہم نے آیا یہ مقاصد حاصل کئے یا نہیں شرکاء سے فیڈ بیک (Feedback) لیا جائے گا۔ | دن بھر کی سرگرمیوں کا اعادہ | 3:20 -4:00<br>40منٹ<br>فیڈبیک (Feedback) زبانی<br>20منٹ |
| فیڈبیک (Feedback)فارم | فیڈبیک **(Feedback)** فارم پوری ذمہ داری سے مکمل کیجئے۔<br>**نوٹ:** فیڈبیک (Feedback)فارم گوگل فارم یا ہارڈ کاپی میں دیا جائے گا | | 20منٹ |

تربیتی نشست برائے اردو اساتذہ

# دوسرا دن

# لسانی مہارتیں

## اور ان کی تدریس

## دوسرے دن کے تدریسی مقاصد، اوقاتِ کار اور سرگرمیوں کی تفصیل

### دوسرا دن: لسانی مہارتوں کی تیاری اور تدریس

**تدریسی مقاصد:**

اس سیشن کی تکمیل کے بعد زیرِ تربیت اساتذہ اس قابل ہو جائیں کہ؛

- سابقہ دن کے اہم نکات کا اعادہ کرتے ہوئے پوچھے گئے سوال کا جواب دے سکیں؛
- زبان کی بنیادی مہارتوں کے لئے تعریف بنا کر ان کی ذیلی مہارتوں پر تبادلہ کر سکیں اور اہمیت کا اظہار کر سکیں
- گفت و شنید کی تدریسی اہمیت کا اظہار کرتے ہوئے اس کی روز مرہ جماعت میں استعمال کے طریقوں کے لئے سرگرمیاں وضع کر سکیں
- پڑھائی کی مہارت کے تدریسی طریقے پر مبنی سرگرمیوں میں حصہ لے سکیں
- پانچ مختلف تدریسی حکمتِ عملی برائے پڑھائی کے تجربات کی روشنی میں اس کی افادیت اور استعمال کے طریقے کا تجزیہ کر سکیں۔

(اس پہلو میں حاصلِ تعلم، پیش رفت کا خاکہ، موضوعات / تھیم کی تقسیم، قومی اور بین الاقوامی ضروریات و مقاصد کی تکمیل وغیرہ جیسے نکات شاملِ گفتگو ہوں گے۔ (Trainer) ٹرینر کو ان نکات کو گفتگو میں شامل کرنے کے لئے اشارات یا سوال دینے ہوں گے)۔

| تدریسی معاونات / وسائل | سرگرمیاں / طریقہ کار | ذیلی موضوعات | وقت |
|---|---|---|---|
| سوالات کے کارڈز | ● بعد از تلاوت سابقہ دن میں سیکھے گئے مقاصد کا اعادہ کیا جائے گا۔<br>**دائرے کی سرگرمی**<br>● تمام شرکاء کو دائرے میں بیٹھنے کی ہدایات دے کر اس اصول کا اعادہ کیا جائے گا کہ دائرہ اس طرح بنائیں کے تمام شرکاء ایک دائرے میں بیٹھیں اور ایک دوسرے کو دیکھ سکیں۔ٹریر بھی اس دائرے کا ہی حصہ ہو گا۔<br>● پہلے سے تیار چار سوالات پر اس طرح تبادلہ کرنے کا موقع دیا جائے گا کہ ہر ایک گفتگو میں شامل ہو سکے اور مختلف نکات پر بات کر سکیں۔<br>(اگر شرکاء کی تعداد زیادہ ہو تو دو دائرے بنوائیں جائیں ایک باہر اور ایک اندر ۔باہر والے پہلے دو سولات پر خاموشی سے سنیں اور نکات یکجا کریں باقی دو سوالات کے لیے اندر والے باہر والوں سے جگہ اس طرح بدلیں کے اب باہر والے اندرونی دائرے میں آجائیں اور اب وہ گفتگو میں حصہ لیں۔تاہم پہلے ان سے کلیدی نکات جو پہلے تبادلہ میں نکلے ان پر کر اس باز پرس یا فیڈ بیک (Feedback) (Feedback)لیا جائے۔اب باہر والے نکات یکجا کریں گے۔بعد ازاں باہر والے اپنے نکات یا الجھن پر سوال بھی کر سکیں گے۔)<br>❖ اردو یا کسی بھی زبان کی تدریس دیگر مضامین سے کس طرح مختلف ہے اور کیوں؟<br>❖ ایک اچھے اردو ٹیچر کی خصوصیات کس طرح تدریس پر اثر انداز ہوتی ہے؟<br>❖ قومی نصاب پاکستان۔اردو اور ہماری بنائی اسکیم آف اسٹڈیز میں کیا ربط اور تعلق ہے؟ | آغاز اور پہلے دن کے سیکھے گئے۔نکات کا خلاصہ اور تجزیہ۔<br>(دائرے کی سرگرمی) | 9:00 -09:50<br>50منٹ<br>تلاوت:5منٹ<br>دائرے کی سرگرمی<br>40منٹ<br>سرگرمی کا اختتام اور مقاصد<br>5منٹ |

| تدریسی معاونات / وسائل | سرگرمیاں / طریقہ کار | ذیلی موضوعات | وقت |
|---|---|---|---|
| | ❖ ٹیکسٹ بک اور قومی نصاب میں کیا ربط ہے؟ اور یہ ربط کیوں ضروری ہے؟<br>اختتامی مرحلے پر سب کی باتوں سے ٹیچر آج کے دن کی آغاز کے لیے کلیدی نکتہ بتاتے ہوئے دائرے کی سرگرمی کا اختتام کرے اور آج اعادہ کئے نکات سے آگے بڑھیں گے، اور آج کی نشست کے مقاصد بتائے جائیں گے۔<br>**اہم نوٹ:** ٹرینر اس گفتگو کو سابقہ نشست کی معلومات اور مقاصد کے ساتھ مربوط کرنے کے لیے گفتگو کے دوران اشارے (Prompt) اور فقرے یا ذیلی سوالات بھی شامل کرے۔ جیسے (زبان کی تدریس میں ہم کیا سکھاتے ہیں ؟ریاضی یا سائنس کی تدریس سے کیسے مختلف ہے؟ قومی نصاب میں کیا کیا اجزاء شامل ہیں؟ ان کو ہم اسکیم آف اسٹڈیز میں کیسے استعمال کرتے ہیں؟) | | |
| آواز پیدا کرنے والی اشیاء، چابی، قلم، کاغذ، کتاب، | ● کل جماعتی صورتحال میں ہدایت کی جائے گی کہ 30 سیکنڈ کے لیے آنکھیں بند کریں اور بالکل خاموشی سے بیٹھیں۔<br>**ٹیوٹر نوٹ:** اس 30 سیکنڈ میں (Trainer) ٹرینر کچھ آوازیں پیدا کرے جیسے کرسی کا گھسیٹنا، کتاب کے ورق پلٹنا، کاغذ کا پھاڑنا، بال پوائنٹ کا گرنا، چابی کی آواز وغیرہ۔<br>● اب کل جماعتی صورتحال میں تقریباً 10 سے 12 شرکاء سے پوچھا جائے گا کہ ان بند آنکھوں کے دوران آپ نے کیا سنا؟<br>● شرکاء کے بتائے نام اور مشاہدات کو بورڈ پر لکھا جائے گا۔ اس فیڈبیک (Feedback) میں ان آوازوں کے علاوہ بھی بہت سی آوازیں اور چیزوں کے | زبان کی بنیادی مہارتیں<br>(بولنا، سننا، پڑھنا، لکھنا اور قواعد اور الفاظ شناسی) اور ان کی اہمیت | 40 منٹ<br>9:40-10:30<br>سن کر ردِعمل کا اظہار<br>10 منٹ<br>فیڈبیک (Feedback)<br>10 منٹ |

| وقت | ذیلی موضوعات | سرگرمیاں / طریقہ کار | تدریسی معاونات / وسائل |
|---|---|---|---|
| تعریف بنانا<br>10 منٹ<br><br>فیڈبیک (Feedback)<br>20 منٹ | | بارے میں شرکاء بتائیں گے۔ (جیسے پنکھے گھڑی، پرندے، انسان، چلنا، صفحہ اڑنا وغیرہ)<br>• اب ان سے یہ پوچھا جائے گا کہ آپ نے یہ آوازیں کیسے پہچانی جیسے کہ یہ کرسی کی ہی آواز ہے؟ یا یہ چڑیا کی، یا دروازے کی وغیرہ۔<br>(کیونکہ جس چیز یا نام یا آواز سے آپ مانوس ہیں اس کا نام بتانا ممکن تھا۔ سن کر فہم، سن کر شناخت، ہر ایک کا مشاہدہ الگ، کسی نے توجہ دی، کسی کا مشاہدہ الگ وغیرہ)<br>• اس دوران شرکاء سے پوچھا جائے گا کہ جو بورڈ پر فیڈبیک (Feedback) لکھا جا رہا ہے وہ درست ہے آپ نے یہی بتایا؟ (پڑھنا آیا، ہجوں کی درستی، الفاظ کی پہچان)<br>• اس ساری سرگرمی میں آپ نے اپنی کن صلاحیتوں کا استعمال کیا؟<br>• اب شرکاء سننے، بولنے، لکھنے اور پڑھنے کی مہارت پر بات کریں گے۔ اب کل جماعتی صورتحال میں پوچھا جائے گا کہ<br><br>**ٹرینر نوٹ:** یہاں اس بات کی وضاحت کی جائے گی کہ اس چھوٹی سی سرگرمی میں ہم نے تمام مہارت کا استعمال کیا۔ جیسے جن ناموں اور چیزوں سے آپ مانوس تھے اسے سن کر پہچانا اور اپنے علم کا اظہار بول کر کیا۔ آپ کا بتایا لفظ یا اشیاء کے نام بورڈ پر لکھے آپ نے اسے پڑھتے ہوئے بتایا۔ یعنی آپ تمام دن زبان کی چند بنیادی مہارتوں کا استعمال کرتے ہیں۔<br><br>زبان سیکھنے اور سکھانے کے لئے کن بنیادی مہارتوں کا استعمال کیا جاتا ہے؟ | اے تھری پیپر اور مارکر<br><br>ٹیپ / پن |

| تدریسی معاونات / وسائل | سر گرمیاں / طریقہ کار | ذیلی موضوعات | وقت |
|---|---|---|---|
| تعریفوں کی سلائیڈز<br>ضمیمہ 5<br><br>ضمیمہ 6 کی سلائیڈ | ممکنہ طور پر شرکاء حاصلِ تعلم بھی بتا سکتے ہیں جیسے جملے، املا، الفاظ معنی، شاعری، کہانی، لب ولہجہ وغیرہ۔<br><br>شرکاء کے بتائے نکات سے ذیلی مہارتیں اور ذیلی مہارتوں سے بنیادی مہارتیں نکالتے ہوئے ٹیوٹر انہیں زبان کی بنیادی مہارتوں پر لائیں گے۔(سننا، بولنا، پڑھنا، لکھنا اور قواعد و الفاظ شناسی)<br><br>چار گروہ میں تقسیم کیا جائے گا۔اس کے لیے ترتیب سے ہر فرد کو نام دیجئے سننا بولنا، لکھنا، پڑھنا۔اس طرح سارے پڑھنا ایک گروہ میں سارے لکھنا ایک، سارے بولنا ایک میں اور سارے سننا ایک گروہ میں۔ہر ایک گروہ کو مارکر اور اے تھری پیپر دے کر مختص مہارت کی تعریف بنانے کی ہدایت کی جائے گی۔ اپنی فہم سے تعریف تخلیق کرنے کے بعد جماعت میں آویزاں کر دیجیے۔<br>• فیڈبیک(Feedback) دیتے ہوئے ہر ایک تعریف میں کلیدی الفاظ کو مختلف رنگ کے مارکر سے نمایاں کیجئے۔اب ضمیمہ 5 کی تعریف باری باری سلائیڈ میں دکھایئے اور ان کی تحریر کی گئی تعریفوں میں کیا پہلو کم ہے یا زیادہ ہے اس پر تبادلہ کیجئے۔<br>• اس سرگرمی کے اختتام میں شرکاء سے کل جماعتی طور پر پوچھا جائے گا کہ تعریف خود بنانے سے آپ کی فہم پر کیا اثر پڑا اور کیسے؟(ممکنہ جوابات میں طلبہ مثبت سیکھ / آموزش پر فیڈبیک(Feedback) دیں گے کہ پڑھنے سے پہلے خود اپنی معلومات کے اظہار سے ہم نے اس علم کو جلد قبول کیا وغیرہ)۔ | | |

| وقت | ذیلی موضوعات | سرگرمیاں / طریقہ کار | تدریسی معاونات / وسائل |
|---|---|---|---|
| | | • ایک مہارت دوسرے کے لئے کس طرح ضروری ہے ؟(ہر مہارت ایک دوسرے کے سیکھنے کا سبب ہے۔ طلبہ ذاتی زندگی سے مثالیں پیش کریں گے ۔)<br><br>**ٹرینرز نوٹ:** اس مرحلہ پر یہ واضح کیا جائے گا کہ چاروں مہارتیں زبان کی تدریس میں ایک دوسرے سے مربوط ہیں اور زبان دانی کی صلاحیت میں اضافے کا باعث ہیں۔ ان مہارتوں کی ذیلی مہارتوں پر غور و فکر بھی کیا گیا۔ سرگرمی کے اختتام پر سلائیڈ پر چاروں مہارتیں اور ان کی ذیلی مہارت کا خاکہ دکھایا جائے گا۔ (ضمیمہ 6) اور پوچھا جائے گ اکہ: کیا آپ کی تدریس میں یہ چاروں مہارتیں معہ قواعد و زبان شناسی شامل ہیں؟ کل جماعتی فیڈبیک (Feedback) کے ساتھ اس سرگرمی کا اختتام کیا جائے گا اس نوٹ کے ساتھ کہ ان بنیادی جماعتوں میں ان چاروں مہارتوں معہ قواعد کے اصولوں کی بنیاد ڈالی جاتی ہے اس لیے روزمرہ تدریس میں ان مہارتوں کا شامل ہونا ضروری ہے۔ | |
| چائے کا وقفہ 10:30-11:00 | | | |
| 11:10-11:00<br>10 منٹ | اردو تدریسی عمل میں زبان کی بنیادی مہارتوں کا استعمال | • کل جماعتی صورتحال میں پوچھا جائے گا کہ،<br>کل سے آج تک ہم نے مختلف سرگرمیاں کیں یاد کیجئے اور بتائیے کہاں کون کون سی مہارتیں استعمال کیں اور کون سی سرگرمی کس مہارت کے ساتھ مکمل ہوئی؟ | بورڈ چاک |

| تدریسی معاونات / وسائل | سرگرمیاں / طریقہ کار | ذیلی موضوعات | وقت |
|---|---|---|---|
| | • پہلے دن شروع سے آخر تک پیغام لکھنا، بتانا، سننا، رول پلے، دائرے کی سرگرمی، نصابی دستاویز پڑھنا، تعریفیں لکھنا، سن کر آوازیں بتانا۔ وغیرہ پر فیڈبیک (Feedback) دیا جائے گا۔<br><br>**ٹریز نوٹ:** سہولت کار کے لئے ضروری ہے کہ وہ اشارات دے کر سرگرمی کے طریقے کو شناخت کروائے۔ یہاں یہ واضح کرنا ضروری ہے کہ زبان کی تدریس ان چاروں مہارتوں معہ قواعد و الفاظ شناسی سے ہی ممکن ہوتی ہیں۔ اسی لیے شرکاء کو بتائیے کہ آج کا دن انہی مہارتوں کے تدریسی طریقوں پر مرکوز ہے۔ | گفت و شنید کی تدریس | |
| بورڈ چاک | گفت و شنید کی سرگرمی<br><br>کہانیاں زبانی بنانا۔۔۔<br><br>• اب شرکا کو ہدایت کی جائے گی کہ سنی / پڑھی ہوئی کہانیوں کے نام بتایئے۔<br>• دورانِ فیڈبیک (Feedback) 15 سے 20 نام بورڈ پر لکھ دیئے جائیں گے ۔ بعد ازاں ہدایت دی جائے گی کہ،<br>• ان کہانیوں کے عنوانات سے کہانیوں کے نئے نام بنایئے۔<br>فیڈبیک (Feedback) سے اخذ ناموں کو بورڈ پر لکھا جائے گا۔<br><br>• اپنے بنائے عنوانات سے کوئی ایک منتخب کیجئے اور اس پر مل کر زبانی کہانی بناتے ہیں۔ ایک جملہ آپ شروع کیجئے یا شرکاء میں سے کوئی بھی کر سکتا ہے پھر جملے آگے بڑھاتے جائیں اور کہانی بنتی جائے۔ آپ موقع دیجئے کہ ہر ایک اس میں حصہ لے۔<br>• ایک سے بڑھ کر ایک آئیڈیاز اور جملوں کو قبول کیجئے۔ | | 12:30-11:10<br><br>80منٹ<br><br>کہانی کے عنوانات سے نیا عنوان بنانا<br><br>10منٹ<br><br>کہانی بنانا<br><br>10منٹ |

| تدریسی معاونات / وسائل | سرگرمیاں / طریقہ کار | ذیلی موضوعات | وقت |
|---|---|---|---|
| | سے اس میں بدلاؤ لاتے ہوئے واقعہ کو آگے بڑھادے تاکہ زبانی کہانی جاری رہے ۔یہاں جماعت میں دلچسپی کا عنصر غالب آجائے گا۔<br><br>**ٹرینر نوٹ:** کسی بھی ایک عنوان کو شرکاء کی رائے سے منتخب کیا جائے گا پھر اس عنوان کو لے کر زبانی کہانی بنانے کے لئے آغاز کا جملہ کہا جائے گا سب سنتے جائیں گے اور آگے بڑھاتے جائیں گے۔ تقریباً 10 منٹ تک کہانی آگے بڑھتی جائے۔(Trainer)ٹرینر جہاں کہانی ختم ہو وہیں۔<br><br>• اب شرکاء سے زبانی طور پر پوچھا جائے گا کہ کہانی کی تخلیق کا یہ عمل کیسا رہا؟ سوچئے۔۔<br>• اختتام پر طلبہ سے پوچھا جائے گا کہ اس سرگرمی کو آپ کس مہارت سے مربوط سمجھتے ہیں۔ گفت اور شنید دونوں سے ہے تو کیسے آپ نے جانا؟<br>• گفت کی مہارت استعمال کرتے ہوئے آپ نے کہانی میں جملے جوڑے۔ | | فیڈبیک(Feedback)<br><br>10منٹ |

| وقت | ذیلی موضوعات | سرگرمیاں / طریقہ کار | تدریسی معاونات / وسائل |
| --- | --- | --- | --- |
| سرگرمیاں بنانا<br>20منٹ<br><br>مائیکرو ٹیچنگ<br>20منٹ<br><br>فیڈبیک(Feedback)<br>10منٹ | | • شنید اس طرح کہ توجہ دیتے ہوئے کہانی کو آگے بڑھانا اور اس سے قبل جملہ کہاں ہے۔ اب کہاں جانا ہے اس سب میں توجہ سے سننا اور ربط بنانا ضروری ہے۔ یہ سرگرمی جتنی دیر جاری رہے آپ طلبہ کی توجہ کو اسی قدر بڑھا سکتے ہیں۔<br><br>**ٹیوٹر نوٹ**: یہاں سلائیڈ دکھاتے ہوئے شرکاء کو مہارتوں کے مؤثر استعمال کا طریقے پر مرکوز کرتے ہوئے یہ واضح کیجئے کہ گفت وشنید کی صلاحیت میں اس سرگرمی کو کرتے ہوئے نئے اور پرانے خیالات کو جوڑیئے، ملایئے اور یکسانیت دیکھئے، اس وقت تک اس پر کام کیجئے جب تک وہ خیال آپ کی تخلیق نہ بن جائے۔ اس ہی سے فنِ تخلیق کا آغاز ہوتا ہے۔<br><br>• اب شرکاء کو قومی نصاب اور بورڈ کی کتب دے کر گفت وشنید پر 10 منٹ کی سرگرمی بنانے کی ہدایت دی جائے گی جس میں جماعت گروہ کے لحاظ سے اول تا پنجم کے گروہ بنائے جائیں گے۔ ہدایت دی جائے گی کہ جماعت، منتخب حاصلِ تعلم، اور کتاب کا استعمال کیا جائے تو صفحہ نمبر وغیرہ، موضوع اور تفہیم کے ساتھ سرگرمی بنایئے۔ سرگرمی صرف دس منٹ کی ہو۔ قومی نصاب کے پیش رفت کا خاکہ ضمیمہ 7 بھی دیا جائے گا۔(پیش رفت کا خاکہ مکمل دیا جائے گا اور مختلف سرگرمیوں کے لئے اسے استعمال کیا جائے گا)<br>• سرگرمیاں بنا کر شرکاء اسے جماعت میں پیش کریں گے۔ ہر گروہ کو پیشکش کے لئے 5 منٹ دیئے جائیں گے جس میں وہ اپنی بنائی سرگرمی کو مائیکرو ٹیچنگ کریں گے۔(مختصر طور پر عملی طور پر پڑھائیں گے۔)<br>• ہر گروہ دوسرے کے کام پر عکس اندازی کرے گا یعنی Peer Reflection | |

| وقت | ذیلی موضوعات | سرگرمیاں/ طریقہ کار | تدریسی معاونات / وسائل |
|---|---|---|---|
| | | دو ستارے اور ایک خواہش/ Two stars and one wishبتانے کی ہدایت کی جائے گی<br>• دورانِ فیڈبیک (Feedback) ان سرگرمیوں کی دلچسپی، ۔جماعت سے مطابقت اور حاصلِ تعلم کے درست انتخاب پر توجہ دی جائے گی۔<br>• اس سرگرمی کا اختتام کرتے ہوئے کل جماعتی صورتحال میں گفت وشنید کے لئے کس کس طرح کہ سرگرمیاں ہم پرائمری جماعتوں میں کرواسکتے ہیں اس پر تبادلۂ خیال ہو گا۔ ساتھ یہ بھی پوچھا جائے گا کہ اس کا اردو سیکھنے کے عمل پر کیا اثر پڑے گا؟ | |
| 1:00-12:30<br>کل وقت<br>30منٹ<br>تصویر پر تبادلہ<br>5منٹ<br>فیڈبیک(Feedback)<br>10منٹ | پڑھائی کی مہارت اور اس کی تدریس | **ٹیوٹر نوٹ:** اس مرحلے پر حاصلِ تعلم اور سرگرمی کا ربط دیکھنا بہت ضروری ہے ۔جماعتی مطابقت میں سوال اور سرگرمی کی ہدایت، طلبہ سے کی جانے والی توقعات بہت معنی رکھتی ہیں۔ اسی لئے فیڈبیک (Feedback) میں ان پہلوؤں کو خود بتانے سے پہلے ایک گروہ پیش کرے گا تو دوسرا گروہ اس کو فیڈ بیک (Feedback) دے گا اس طرح آپ ہر گروہ کو ٹاسک دے کر پیشکش لیجیے گا۔<br>پڑھائی کی مہارت<br>• کُل جماعتی صورتحال میں پڑھنا کی ذیلی مہارتیں اخذ کروئی جائیں گی۔ جو کہ ابتدائی سرگرمی میں کی تھیں۔(صوتی شناخت، ملانا، روانی، فہم، الفاظ ،ادائی، وغیرہ)<br>• اب جماعت کی ایک بار پھر گروہ بندی کی جائے گی اور اس بار ایک سے پانچ یا چھ نمبر دے کر گروہ بنائے جائیں گے۔ | تصویر ضمیمہ 7 |

| وقت | ذیلی موضوعات | سرگرمیاں / طریقہ کار | تدریسی معاونات / وسائل |
|---|---|---|---|
| سوال بنانا اور پوچھنا<br>10 منٹ<br><br>فیڈبیک (Feedback)<br>5 منٹ | | **تصویر سے پڑھنا:**<br><br>• ہر گروہ کو تصویر ضمیمہ 7 دی جائے گی اس ہدایت کے ساتھ کہ<br>گروپ میں تبادلہ کیجئے اور زبانی کہانی بتایئے۔<br><br>• ہر گروہ کے اراکین تصویر کی کہانی پر غور کریں گے اور کہانی بنائیں گے۔<br>• اب طلبہ کو بنائی گئی کہانی سنانے کی ہدایت کی جائے گی۔ اگر سب نے خرگوش اور چوہے کی ہی کہانی بنائی ہو تو ہر ایک سے تھوڑا تھوڑا حصہ سن کر مکمل کہانی دہرائی جائے گی۔<br><br>**ٹیوٹر نوٹ:** سابقہ یادداشت کی کہانی پر آپ کو کوئی ردِ عمل نہیں دینا۔ بلکہ جس نے یہی کہانی بنائی وہ اسے آگے بڑھا کر مختصر سنا دیں تاکہ وہ ہدایت کے مطابق کیا مشہور پرانی کہانی کو لاتے ہیں یا کوئی نیا پہلو نکالتے ہیں اس پہلو پر توجہ دی جائے گی۔ بہت ممکن ہے کہ سابقہ دن کے تجربات اور سوچ پر ربط بناتے ہوئے شرکاء کچھ نیا انداز لے کر ہی سوچیں۔ اگر ایسا ہوا تو ہر ایک اپنی کہانی مکمل سنائے گا مگر مختصر)۔<br><br>• اب ہر گروہ کو موقع دیا جائے گا کہ وہ دو سوال اس تصویری کہانی کے بارے میں پوچھیں۔ اور اگلا گروہ جواب دے۔ اس طرح ہر ایک دوسرے سے پوچھتے ہوئے اپنی باری مکمل کرے گا۔ سوال دہرا کر نہیں پوچھے جائیں گے ۔(پہلا۔ دوسرے سے، دوسرا۔ تیسرے سے اور تیسرا چوتھے سے چھوتا پانچویں سے اور پانچواں پہلے سے)<br>• اب یہاں ٹیوٹر پہلے سے تیار سوالات ضمیمہ 8 سلائیڈ میں سے ان کا انتخاب کریں گی جو طلبہ نے نہیں سوچے یا جن کا جواب نہیں آیا۔<br>• اب شرکاء سے پوچھا جائے گا کہ:<br>جو سوال آپ نے کئے اور جو ٹیوٹر نے کئے اس میں کیا فرق تھا؟ | |

| تدریسی معاونات / وسائل | سرگرمیاں / طریقہ کار | ذیلی موضوعات | وقت |
|---|---|---|---|
| | **ٹیوٹر نوٹ:** آپ نے تفہیم جو کہ سابقہ سمسٹر میں پڑھا صرف ٹیکسٹ کو مدِ نظر رکھا۔ مگر یہاں ٹیکسٹ نہیں دیا گیا تو میرے سوالات نے تصویر کو آپ کے سابقہ ٹیکسٹ / متن سے جوڑ کر موازنہ پر سوال پوچھے۔ فرق صرف فوکس کا تھا۔ یہی فوکس یہی توجہ Close Reading ہے۔ یہاں ہم نے تصویری کہانی کا مطالعہ کیا اور تصویر پر توجہ مرکوز کی مگر ہم میں سے اکثر نے صرف اس کہانی کو دہرایا جو ذہن میں تھی۔ اس لئے یہاں Close Reading یا گہرا مطالعہ ہمیشہ کسی پہلو کو فوکس کر کے یا مرکوز کر کے کیا جاتا ہے۔ Close Reading ایک حکمتِ عملی ہے جس میں ہم توجہ مرکوز کرتے ہوئے ایک مخصوص مہارت پر توجہ دے سکتے ہیں۔ | | |
| | کھانے اور نماز کا وقفہ: 01:00-02:00 | | |
| پڑھائی کا متن ضمیمہ 9<br><br>خاکے ضمیمہ 10 الف، ب، ج، د اور ہ | تفہیمی سرگرمیاں<br><br>● شرکاء کو پانچ گروہ میں مرتب کرنے کے لیے انہیں پاکستان کے مختلف شہروں کے نام دیئے جائیں گے جیسے (کوئٹہ، خضدار، ژوب، تربت اور سبی وغیرہ) اسی ترتیب پر نام دے کر گروپ منظم کیے جائیں گے۔<br>● اب ہر گروہ کو ہدایت کی جائے گی کہ | کہانیاں پڑھنا اور فہم کا اظہار کرنا | 2:00-3:40<br><br>کل وقت 100 منٹ<br><br>پڑھائی<br><br>10 منٹ<br><br>خاکے کی تکمیل |

| وقت | ذیلی موضوعات | سرگرمیاں / طریقہ کار | تدریسی معاونات / وسائل |
|---|---|---|---|
| 15 منٹ<br>پیشکش اور وضاحت ہر گروہ کو 15 منٹ 5 منٹ پیشکش اور 10 منٹ وضاحت<br>ٹوٹل 75 منٹ | | گروہ میں دی گئی کہانی ضمیمہ 9 کو پڑھیے اور خاکہ ضمیمہ 10 (الف تا ہ) مکمل کیجئے۔ (ہر گروہ کو ایک الگ خاکہ دیا جائے گا۔<br><br>**ٹیوٹر نوٹ:** یہ خاکے ضمیمہ 10 اے تھری کے پرنٹ میں لئے جائیں گے تاکہ گروہی پیشکش تیار کی جاسکے۔ اگر انہیں ہارڈ لمینیشن کروالی جائے تو یہ بار بار بھی استعمال ہو سکتے ہیں۔<br><br>• کہانی پڑھ کر خاکے مکمل کیجیے اور اپنی باری پر پیشکش کے لئے تیار رہئے۔<br>• اس دوران ٹیوٹر ہر گروہ کو وقت دے گا کہ آیا خاکوں کا استعمال درست خطوط پر ہو رہا ہے۔ گروہ کا ہر رکن مشغول ہے۔<br>• مختص وقت کے بعد فیڈ بیک (Feedback) لیا جاے ت گا۔ اس میں سے ہر ایک خاکہ ایک پڑھائی کے تدریسی طریقے کی نمائندگی کرتا ہے<br><br>**ٹیوٹر نوٹ:** ہر گروہ کی پیشکش کے بعد اس طریقے کی تفصیل اور اس کی افادیت سلائیڈز کے ساتھ وضاحت کی جائیں گی۔<br><br>خاکہ الف۔ ٹی چارٹ:<br><br>تفہیم کے لئے ٹی چارٹ سرگرمی ایک سادہ لیکن مؤثر حکمت عملی ہے جو طلبہ کو اپنے خیالات کو منظم کرنے اور معلومات کا موازنہ کرنے میں مدد کرتی ہے۔<br><br>• اس میں ٹی کے شکل میں ایک چارٹ بنایا جاتا ہے۔<br>• اس چارٹ میں عمودی لکیر دو متضاد یا متعلقہ تصورات کو ظاہر کرتا ہے،<br>• افقی لکیر کا استعمال ہر تصور کے لیے معاون تفصیلات یا ثبوت کی فہرست کے لیے کیا جاتا ہے۔ | متعلقہ وضاحت کی سلائیڈز |

| تدریسی معاونات / وسائل | سرگرمیاں / طریقہ کار | ذیلی موضوعات | وقت |
|---|---|---|---|
| | **خاکہ ب -پہاڑ سر کرنا / Mountain Activity۔۔ کہانی کے اہم واقعات یکجا کرنا۔**<br><br>1. پہاڑ کی طرح انسان ایک سمت سے چڑھنا شروع کرتا ہے جہاں کہانی کی ابتداء، کردار، جگہ، مقام، وقت، ماحول کا تعین اور مسئلہ یا تنازعہ کا آغاز ہوتا ہے<br>2. کرداروں کے عمل سے مسئلہ کو بڑھاوا ملتا ہے جہاں سے پہاڑ کی چڑھائی شروع ہوتی ہے۔<br>3. چوٹی پر پہنچتا ہے جہاں کہانی اپنے نقطۂ عروج پر پہنچتی ہے۔<br>4. پہاڑ سے اترنا شروع کرتا ہے جہاں کہانی کے مسئلہ یا تنازعہ کا حل نکلتا ہے<br>5. پھر اختتام پر مسئلہ حل ہوتا ہے اور نتائج سامنے آتے ہیں<br>اس تدریسی حکمتِ عملی کو ہم مختلف انداز میں استعمال کرسکتے ہیں جس میں ہم اس کی تفصیل کے لئے اس میں پیچیدگی کے عمل کو جماعت کے لحاظ سے آسان اور پیچیدہ مراحل کے ساتھ کرواسکتے ہیں جیسے کسی خاکہ میں صرف تین عناصر پر کسی میں پانچ کسی میں چھ کسی میں سات وغیرہ<br><br>**خاکہ ج۔ پھل کا چھلکا اتاریئے / Peel the fruit۔۔۔ کہانی کے اہم واقعات اور اس کا تجزیہ**<br><br>1. "پھل کا چھلکا اتاریئے" ایک ظاہری یا بصری سوچ / Visible Thinking کی صلاحیت کو بڑھانے والی حکمتِ عملی ہے<br>2. اس حکمتِ عملی کو طلبہ کے معمول کا حصہ بنادیا جائے تو وہ کسی بھی تصویر، تحریری مواد جیسے ٹویٹ، نیوز آرٹیک، یا ادبی کام کے بارے میں تجسس اور تنقیدی سوچ رکھتے ہوئے مطالعہ کرنے کے عادی ہوجائیں گے۔ | | |

| وقت | ذیلی موضوعات | سرگرمیاں / طریقہ کار | تدریسی معاونات / وسائل |
|---|---|---|---|
| | | 3. اس مشق کو دہرا کر بار بار آزادانہ طور پر مکمل کرنے کے لیے طلبہ کو کہنے سے پہلے اس کا نمونہ یا خاکہ بنانا مددگار ہو گا۔ جیسا آپ کو ابھی دیا گیا۔<br>4. پھل کی جلد کو اوپر سے دیکھنا، جلد کے ساتھ اندر سے دیکھنا، ذائقہ، اندرونی حالت کو کھول کر بیان کرنا، حقیقی زندگی سے جوڑنا، دوسرے پہلو پر آگے کی نظر سے دیکھنا، اصل مقصد کو جان لینا۔ اسی لئے اس سرگرمی کو فروٹ کے چھلکے یا پرت در پرت اتارنے سے جوڑا گیا ہے<br>خاکہ د۔ نئے الفاظ کی تلاش معنی، متن سے تعلق اور اس کا استعمال<br>یہ Close Reading کی حکمتِ عملی کا ایک خاکہ ہے جس میں ذخیرۂ الفاظ کے علم فہم اور سمجھ پر کام کیا جا رہا ہے اسے اور طرح بھی استعمال یا مرتب کیا جا سکتا ہے۔<br>خاکہ ہ۔ متن کا تجزیہ /Analysis۔ قاری /Reader کی نظر سے<br>**Analyze the tone and mood of a text.**<br>تفہیم کے درجات میں تجزیہ اور اس کی گہرائی میں جانا اور ابتدائی جماعتوں سے ہی اس کا عادی بنانا ضروری ہے۔ یہ بھی Close Reading کی سرگرمی ہے جس میں متن کا تجزیہ مخصوص سولات کے ساتھ ایک قاری کی نظر سے کیا جا رہا ہے۔ | |

| تدریسی معاونات / وسائل | سرگرمیاں / طریقہ کار | ذیلی موضوعات | وقت |
|---|---|---|---|
| | **ٹیوٹر نوٹ:** اس طرح تشریح، وضاحت، مرکزی خیال، خلاصے، ترکیب کے معانی، سوالات کے جوابات اور دیگر سرگرمیاں مختلف طریقوں سے کروائی جا سکتی ہے۔ اس وضاحت کو ہر ایک پیشکش کے ساتھ استعمال کیجیے تاکہ ساتھ ساتھ ہر خاکے کی افادیت اور استعمال واضح ہو۔ اس میں سے کس خاکے کو کس درجے پر کس انداز میں استعمال کیا جا سکتا ہے وہ اساتذہ پر ہے۔ آسان بنا کر چھوٹی جماعت میں بھی اسی طرح استعمال کیے جا سکتے ہیں | | |
| فیڈ بیک (Feedback) فارم کی کاپیاں | اختتام میں فیڈ بیک (Feedback) فارم پوری ذمہ داری سے مکمل کیجیے | آج کے دن کا فیڈ بیک (Feedback) | 20 منٹ |

تربیتی نشست برائے اردو اساتذہ

# تیسرا دن

# لسانی مہارتوں کی مربوط

## جائزہ اور عکاسی

## تیسرا دن: لسانی مہارتوں کی مربوط سبقی منصوبہ سازی۔ جائزہ اور عکاسی

**تدریسی مقاصد:**

اس سیشن کی تکمیل کے بعد زیرِ تربیت اساتذہ اس قابل ہو جائیں کہ؛

- سابقہ دن کا اعادہ کرتے ہوئے سیکھے گئے اور استعمال کئے تدریسی طریقوں کا اعادہ کر سکیں،
- قواعد کی تدریس کے استقرائی /Inductive طریقے کی اہمیت کا عملی مظاہرہ کر سکیں گے؛
- تحریری مہارت کے تدریسی طریقے پر مبنی سرگرمی میں حصہ لے سکیں اور اس کی افادیت پر تبادلہ کر سکیں؛
- سبقی منصوبے کے بنیادی اجزاء کی شناخت کر سکیں اور سبقی خاکے کی تشکیل کر سکیں؛
- مختص حاصلاتِ تعلم کے ساتھ مربوط مہارتوں کی تدریسی منصوبہ سازی کر سکیں؛
- تشکیلی جانچ کی افادیت اور سبقی منصوبے میں اس کے استعمال کا تجزیہ کر سکیں؛
- اکیسویں صدی کی مہارتوں کا زبان کی تدریس پر اثر اور استعمال کی فادیت پر نکات یکجا کر سکیں؛
- مجموعی طور پر سہ روزہ تربیتی کورس پر فیڈبیک (Feedback) دے سکیں۔

| وقت | ذیلی موضوعات | سرگرمیاں / طریقہ کار | تدریسی معاونات / وسائل |
|---|---|---|---|
| 9:00-9:20<br>20منٹ<br>3منٹ تلاوت<br>نعت:3منٹ | سابقہ نشست کا اعادہ | • بعد از تلاوت آج کے دن کا باقاعدہ آغاز کرتے ہوئے (Trainer) ٹرینر تمام شرکاء کو خوش آمدید کہیں گے۔<br>**سابقہ نشست کا اعادہ**<br>نوٹ: سابقہ نشست کا اعادہ کرتے ہوئے سمعی مہارتوں اور پڑھائی کی مہارتوں کا اعادہ دو سرگرمیاں کرواتے ہوئے کیا جائے گا۔<br>سرگرمی نمبر 1: | سمعی آڈیو<br>اسپیکرز<br>ہدایتی سلائیڈ<br>مقاصد کی سلائیڈ |
| 30منٹ<br>9:20-9:50<br>15منٹ سمعی سرگرمی<br>ذاتی جانچ اور فیڈ بیک<br>15منٹ | سمعی مہارت کا اعادہ | • شرکاء کو ہدایت دی جائے گی کہ انفرادی طور پر آپ کو اس سرگرمی میں شامل ہونا ہے۔ انہیں ایک متن ضمیمہ سنایا جارہا ہے۔ اسے بغور سنیں اور اہم نکات ذہن میں رکھیں۔<br>➢ ہدایت دی جائے گی کہ: جماعت چہارم<br>➢ آپ کو ایک عبارت سنوائی جارہی ہے<br>➢ توجہ سے سنئے اور سوالات کے جوابات کے لیے تیار رہیے<br>• پھر انہیں سوالنامہ ضمیمہ دکھایا جائے گا۔ سلائیڈ پہ۔ تمام سوالات دیکھنے کے بعد انہیں متن ایک بار پھر سنایا جائے گا۔ اس دوران سوالنامہ سامنے سے ہٹالیا جائے گا۔ متن سننے کے فوراً بعد سوالنامہ حل کرنے کا وقت دیا جائے گا۔ بعد ازاں سلائیڈ دکھا کر ذاتی جانچ /Self-Assessment کا موقع دیا جائے گا۔<br>**ٹیوٹر نوٹ:** اب شرکاء کو ان سوالات میں سننے کی ذیلی مہارتوں کو کیسے شامل کیا گیا ہے اس کی وضاحت پیش کی جائے گی۔ جہاں معلومات دہرائی وہاں توجہ سے معلومات دہرانے کا اور یاد رکھتے ہوئے توجہ اور توجہ کا دورانیہ وغیرہ اس طرح کی سرگرمیوں میں تربیت کا حصہ ہوتا ہے۔ | فیڈبیک (Feedback)<br>کے سوالات کی سلائیڈ |

| وقت | ذیلی موضوعات | سرگرمیاں / طریقہ کار | تدریسی معاونات / وسائل |
| --- | --- | --- | --- |
| سرگرمی 2<br>30 منٹ<br>9:50-10:20<br>مقاصد ا<br>سمعی سرگرمی | پڑھائی کی مہارت کا اعادہ | سرگرمی نمبر 2:<br>پڑھائی کی مہارت کا اعادہ<br>• شرکاء کو کل جماعتی صورتحال میں بتایا جائے گا کہ گزشتہ نشست میں ہم نے مختلف خاکوں سے فہم کی تدریس پر کام کیا۔<br>• ہدایت کی سلائیڈ دکھائی جائے گی۔ جس میں ہدایت کی جائے گی کہ:<br>➢ دیئے گئے خاکے کا استعمال کرتے ہوئے نصابی کتاب کے کسی ایک سبق سے اسے مربوط کیجیے۔<br>➢ آپ کی مدد کے لیے ایک خاکہ ہم نے مربوط کیا ہے۔<br>➢ یہ تمام ہدایت نکات کی صورت شرکاء کو بتانے کے بعد اس سرگرمی کا آغاز ہو گا۔<br>• تیسرے دن کی سلائیڈ 10 میں درسی کتاب کا منتخب متن دکھایا جائے گا۔<br>• اب منتخب متن سے تیار T-Chart دکھایا جائے گا۔ سلائیڈ نمبر 11۔<br>**ٹیوٹر نوٹ:** یہاں اس مثال کو دکھانے کا مقصد شرکاء کو حاصلِ تعلم اور اسمارٹ حاصلِ تعلم کے ساتھ سرگرمی کا اور متن کا ربط بتانا مقصود ہے۔ کہ فہم کے لیے کس کس انداز میں سرگرمیاں استعمال کی جاتی ہیں جو طلبہ میں تنقیدی صلاحیت اجاگر کرتی ہیں۔ اس کے دونوں کالم میں طلبہ کو ایسی سرخی ڈال کر دی جائے جس سے طلبہ متن پڑھ کر معلومات نکال سکیں اور اس کی مطابقت سے گہرائی میں سوچ سکیں۔<br>• اب ٹیوٹر یہ فیڈبیک (Feedback) لے گا کہ<br>• کیا اس سرگرمی کے مقاصد اور تفصیل سب کو واضح ہوئی یا اس پر کوئی نکتہ الجھن کا باقی ہے؟<br>• شرکاء کے سوالات پر جوابات دیئے جائیں گے۔<br>• بعد ازاں انہیں جماعت اور نصابی کتب دی جائے گی جس پر انہیں T.Chart کی سرگرمی وضع کرنی ہے۔ اس سرگرمی کے دوران ٹیوٹر ہر گروہ کے پاس ان کی معاونت کے لیے کچھ وقت گزاریں گے اور ان کی رہنمائی کریں گے۔ | |

| وقت | ذیلی موضوعات | سرگرمیاں / طریقہ کار | تدریسی معاونات / وسائل |
|---|---|---|---|
| (Feedback) | | • بعد ازاں ہر گروہ اپنی بنائی سرگرمی جماعت میں پیش کریں گا اور اس دوران ٹیوٹر اس پر اصلاحی تجاویز دیں گے تاکہ جماعتی سطح کے مطابق اس سرگرمی کو بامقصد طور پر استعمال کرنا آئے۔<br>**ٹرینز کے لیے نوٹ:** یہاں اعادہ کے لیے اس طرح مثالی سرگرمی پیش کرنا اور خود سرگرمی بنا کر گذشتہ دن کا اعادہ کارآمد بنانے کے لیۓ ان کے کام اور ان کے طے کردہ مقاصد سے ربط بنانا اور انہیں بھرپور فہم کا اظہار کرنے کا موقع دینا ضروری ہے۔ اس لیۓ سولات سے اور اسکیپ فولڈنگ سے انہیں درست سمت پر لانے کے لیے برجستہ سولات سے کام لینا ہو گا۔<br>• اس دلچسپ سرگرمی کے ساتھ ہی آج کے دن کے مقاصد بتائے جائیں گے۔ سلائیڈ 3 | |
| 40منٹ<br>10:20–11:00<br>کھیل کا آغاز 5 منٹ | قواعد کا استقرائی طریقۂ تدریس | **کھیل سے قواعد کا اصول سکھانا**<br>• اب شرکاء کو ایک کاپی کا صفحہ دیا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ ہم کھیل کھیلنے جا رہے ہیں نام چیز جگہ اور جانور۔ اپنے صفحے پر کالم بنا لیجیے انفرادی طور پر لکھنے کی ہدایت کی جائے گی۔<br>• یہاں یہ بھی واضح کیا جائے گا کہ حرف دینے کے بعد وقت صرف ڈیڑھ منٹ ہے اس کے بعد ٹیوٹر بنگو کہہ دیں گے سب کو رک جانا ہے۔ اگر کوئی ڈیڑھ منٹ سے پہلے لکھ لے تو وہ بنگو کہہ دے گا تو ٹائم اپ ہو جائے گا۔<br>• حرف دیئے جائیں گے اور حرف ٹیوٹر خود دے گے جس میں د، چ، ٹ، ل، ج، ش، ص، ہ شامل ہے۔<br>• منتخب حرف کے بعد کھیل روک دیا جائے گا۔ ہر حرف کے فیڈبیک (Feedback) میں کچھ الفاظ بورڈ پر لکھے جائیں گے۔<br>**ٹیوٹر نوٹ:** نام لکھتے ہوئے آپ خود ہی دو کالم میں لکھئے گا عام نام اور خاص نام<br>• تمام حروف کے بعد جیتنے والے کا انعام ستاروں کی شیٹ ہو گی۔ | کاغذ |

| وقت | ذیلی موضوعات | سرگرمیاں / طریقہ کار | تدریسی معاونات / وسائل |
| --- | --- | --- | --- |
| کھیل کا دورانیہ 15 منٹ<br><br>فیڈ بیک (Feedback) و وضاحت 10 منٹ | | • اب شرکاء کے بتائے ناموں میں سے اسمِ خاص اور اسمِ عام کی علیحدہ علیحدہ وجوہات پوچھی جائیں گی جیسے جانور، لڑکا، مسجد، شہر وغیرہ کے لفظ کیوں عام ہیں یا جگہوں کے نام کے عام نام کیا ہیں اور خاص نام کیا ہیں۔ ان کے استعمال پر بات ہو گی۔<br>• یہاں طلبہ کو اسمِ نکرہ اور معرفہ کی وضاحت کے بعد سرگرمیوں کے آئیڈیاز پر بات ہو گی جیسے خالی جگہیں متن سے الفاظ کی تلاش، عبارت میں خالی جگہیں بھرنا، جماعت سے اسم تلاش کرنا وغیرہ<br><br>**ٹیوٹر نوٹ:** اب یہاں اس بات پر تبادلہ کیا جائے گا کہ آج سے پہلے آپ نے اسمِ معرفہ اور نکرہ کیسے پڑھایا۔ اگر دلچسپ اور مربوط سرگرمیاں کروائیں جائیں تو اس کا سیکھنے پر کیا اثر مرتب ہو گا۔ اور قواعد کا استقرائی طریقہ کیا ہے۔ عملی طور پر قواعد سکھانا۔ نہ کہ اس کی تعریف رٹوانا۔ صفت الفاظ کے لئے خوبی یا حالت کی وضاحت۔ اس سے جملہ سازی، کردار نگاری میں صفت کا استعمال، کیفیات کا استعمال، رول پلے سے افعال وغیرہ کی تدریس ممکن ہے۔ | |
| | | **چائے کا وقفہ 11:00-10:30** | |
| 11:00-11:40<br>40 منٹ<br><br>گروہ بندی<br>3 منٹ | تحریری مہارت کے تدریسی طریقے | مثالی (ماڈل) تحریر - رہنمائی - انفرادی تحریر<br><br>**Modelled- Guided – independent writing**<br><br>• ٹیوٹر شرکاء میں سے 12 سے 14 لوگوں کو ماڈل بنا کر جماعت اوّل کے طلبہ کا کردار دیں گی۔ باقی جماعت ان طلبہ کے ساتھ ہونے والے کام کے تمام اقدامات کو نوٹ کریں گی اور ان اقدامات پر سرگرمی کے بعد تبادلہ کیا جائے گا۔ دورانِ سرگرمی ہر ایک اپنے پاس انفرادی طور پر نکات نوٹ کرے گا۔ جس پر کسی تبادلہ یا گفتگو سے گریز کیا جائے گا۔<br>• طلبہ کے مرکزی گروپ (ماڈل جماعت اوّل) درمیان میں بیٹھنے کی ہدایت کی جائے گی۔ ہر سرگرمی کرتے ہوئے خود کو جماعت اوّل کے وہ طلبہ سمجھیے گا جن کو ابھی پہلا مہینہ ہوا ہے جماعت میں یعنی اگست کا تیسرا ہفتہ ہو گا۔ | |

| تدریسی معاونات / وسائل | سرگرمیاں / طریقہ کار | ذیلی موضوعات | وقت |
| --- | --- | --- | --- |
| | ● اب ٹیوٹر مثالی جماعت کا آغاز کریں گی۔ ایک پانی کی بوتل کی تصویر (ضمیمہ 11) بورڈ پر چسپاں کریں گی۔<br>● ماڈل طلبہ سے پوچھا جائے گا کہ یہ کیا ہے؟ (ممکنہ جواب: پانی کی بوتل / بوتل)<br>ٹیوٹر تصویر پر الفاظ کا جال بنانا شروع کریں گی۔<br>● اس کا ہم کیا کرتے ہیں؟ (پانی لے کر جاتے ہیں۔ / پانی پیتے ہیں / اسکول لے جاتے ہیں)<br>● اس پر کیا بنا ہوا ہے؟ (اس پر تصویر ہے / تصویر / مچھلیاں / مچھلی / پائپ / پانی / دائرے وغیرہ)<br>● یہ کس رنگ کی ہے؟ نیلی، کالی،<br>● کون لایا؟ (امی / ابو / / دادا / خالہ / مامی / آنٹی وغیرہ)<br>● کہاں سے خریدا؟ بازار سے<br>● آپ کو کیسی لگی؟ اچھی، پیاری، بڑی<br>● اسے اسکول ساتھ کیوں لاتے ہیں: پانی کے لئے / شربت / ٹینگ<br>● اس میں پانی کیسا رہتا ہے؟ ٹھنڈا، صاف وغیرہ<br>● اس دوران کافی سارے الفاظ کا جال تصویر پر طلبہ کی رہنمائی کے لئے بن چکا ہے۔<br>● اب ٹیوٹر طلبہ سے کہیں گی کہ آئیں مل کر اس بوتل کے بارے میں عبارت لکھیں۔ اور پہلا جملہ معلمہ خود لکھ دیں گی بعد کے جملوں کے لئے بورڈ کے جال پر اشارہ کر کے باری باری چند طلبہ سے جملے ادا کروائیں گی اور اصلاح کے ساتھ تحریری عبارت طلبہ کو لکھ کر بتائیں گی<br>(مثالی تحریر یہ ایک پانی کی بوتل ہے۔ اس میں پانی لے کر اسکول جاتے ہیں۔ یہ نیلے اور کالے رنگ کی ہے۔ اس پر مچھلیاں بنی ہوئی ہیں۔ اسے امی نے بازار سے خریدا۔ یہ بہت پیاری ہے کیوں کہ اس کا رنگ اچھا ہے۔۔ اس میں پانی ٹھنڈا رہتا ہے۔) ٹیوٹر وقفہ لگا کر جملہ وہیں سے شروع کرنے کی وضاحت بار بار ساتھ کریں گی۔)<br>● ایک بار اس کی بلند خوانی جماعت میں کروائیں گی۔ | مثالی لکھائی | مثالی جماعت کی سرگرمی<br>10 منٹ |

| وقت | ذیلی موضوعات | سرگرمیاں / طریقہ کار | تدریسی معاونات / وسائل |
|---|---|---|---|
| 10منٹ | کل جماعتی فیڈبیک (Feedback) | • اب طلبہ (مثالی جماعت اوّل) کو ہدایت کی جائے گی کہ اپنی پانی کی بوتل سامنے رکھئے اور اس کو دیکھ کر دی گئی ایک ورک شیٹ مکمل کیجئے۔(ضمیمہ 12) انفرادی طور پر کرنے کے لئے دی جائے گی۔ دورانِ تحریر معلمہ انفرادی نگرانی کریں گی۔<br>• جماعت کے دیگر طلبہ اپنے نوٹس تیار کر چکے ہوں گے اب اس پر تبادلہ کیا جائے گا۔ ہر کونے سے چند شرکاء کے فیڈبیک (Feedback) اس طرح لیا جائے گا کہ مختلف نکات نکل کر سامنے آئیں۔<br>• نکات لینے کے بعد دوسرے گروہ کو موقع دیا جائے گا کہ اس فہرست میں اضافہ کیا جائے گا۔ تمام فیڈبیک (Feedback) (Trainer) ٹریز بورڈ پر لکھیں گے ۔ آخر تک اس میں اضافہ ہوتا جائے گا۔<br><br>**ٹریز کے لئے نوٹ:**<br>• اب تمام نوٹس لینے والے ٹیوٹر شرکاء سے ان اقدامات کا پوچھیں جو مثالی طور پر کیا گیا۔<br>ممکنہ جواب: تصویر کا لگانا، طلبہ سے سوالات پوچھ کر لفظی جال بنانا، طلبہ کو شامل کرنا، اس پر جملے بنا کر عبارت لکھنا، تحریری عبارت کی بلند خوانی۔ مثالی تحریر کی طرح ورک شیٹ پر عبارت لکھنا۔<br>آپ کو ان اقدامات سے کیا لگا ٹیچر نے کون سا طریقہ اپنایا۔(استخراجی طریقہ / مثالی تحریر کا طریقہ / رہنمایا گائیڈڈ مشق / نمونہ تحریر، برین اسٹرامنگ وغیرہ)<br>یہاں واضح کیا جائے گا کہ یہ مثالی تحریر کا طریقہ ہے جسے ماڈل رائیٹنگ کہا جاتا ہے۔ اس کو جماعت میں کرواتے ہوئے عموماً چھ مختلف انداز کی حکمتِ عملی استعمال کی جاتی ہے جس میں سے استخراجی طریقہ آپ نے دیکھا۔ | |

| وقت | ذیلی موضوعات | سرگرمیاں / طریقہ کار | تدریسی معاونات / وسائل |
|---|---|---|---|
| | | • آپ نے اس طریقے کو کیسے پہچانا یا آپ کو کیوں لگا کہ یہ طریقہ اپنایا شواہد بتائیے۔ (سبق سے مثالیں دیں گے جو ان کے تجربہ میں شامل ہے)<br><br>درجہ ذیل نکات کی سلائیڈ آپ شئر کیجئے، اور شرکاء کو ماڈل رائیٹنگ کی افادیت اور چھوٹی جماعت میں اس کے استعمال کی ضرورت پر فیڈبیک (Feedback) لیجیے<br><br>مثالی تحریر کے طریقے:<br><br>1. مثالی نمونہ پڑھنے کے لئے دیا جاسکتا ہے۔<br>2. زبانی کہانیاں پیش کرتے ہوئے انہیں لکھنے پر لایا جاسکتا ہے۔<br>3. :میں کرتا ہوں—ہم کرتے ہیں—آپ کرتے ہیں۔<br>4. تصاویر کی مدد لینا۔<br>5. ذخیرۂ الفاظ دینا۔<br>6. اشاراتی یا معاوناتی کارڈ کا استعمال۔ (ابتدائی جملے وغیرہ)۔<br>7. سوالات کے جوابات سے تحریر<br><br>**ٹیوٹر نوٹ:** یہاں اس بات کی وضاحت کریں گے کہ یہ ایک طریقہ تھا اس طرح کے کئی طریقے موجود ہیں جو متنوع انداز میں تدریسی کے موقع دیتے ہیں۔<br>ماہرین ان طریقوں کو مختلف ادوار میں بانٹتے ہیں۔ ہم نے اسی کے مطابق رہنمائی سے مثالی لکھائی کو یہاں پیش کیا۔<br>ابتدائی، پرائمری اور ایلمنٹری جماعتوں میں طلبہ، لکھنے کی مہارت کے لئے عموماً چار سطح پر کام کرتے ہیں۔<br>اتارنا / نقل کرنا / ماڈل یا مثالی لکھائی کا طریقہ<br>رہنمائی سے یا ہدایات کی مدد سے لکھنا<br>اشارات کے ساتھ محدود زاویہ میں لکھنا<br>خود انحصاری کے ساتھ لکھنا | |

| وقت | ذیلی موضوعات | سرگرمیاں / طریقہ کار | تدریسی معاونات / وسائل |
|---|---|---|---|
| فیڈبیک (Feedback) اور وضاحت 12 منٹ<br>11:40-12:10<br>30 منٹ<br>سرگرمی کی تیاری 20 منٹ<br>10 منٹ گیلری واک | | • شرکاء کو چھ گروہی صورتحال میں پیش رفت کے خاکے سے تحریری حاصلِ تعلم کے لئے سرگرمی سوچیں جس میں مثالی لکھائی کا استعمال کیا جائے۔ یہ سرگرمی اے تھری پرچے پر لکھئے اور دیوار پر آویزاں کر دیجئے۔<br>• جماعت سوم تا پنجم کسی بھی تحریری حاصلِ تعلم کو لیجئے اور سرگرمی بنایئے۔ جماعت اور حاصلِ تعلم لکھ کر سرگرمی کے اقدامات لکھئے۔<br>• اس دوران ٹیوٹر ہر گروہ کے تبادلے اور بروقت کام کو ممکن بنانے میں معاونت کرے گا۔<br>• مکمل کرنے کے بعد جماعت میں آویزاں کر دیجئے۔ ہر گروہ اپنے کام کے آگے کھڑا ہو۔ ہر ایک کا کام دیکھئے کہ اس ن کے نکتے کے ساتھ حاصلِ تعلم درست ہے؟ مثالی لکھائی کا طریقہ اور اقدامات درست ہیں۔ جماعت کی مطابقت درست ہے؟<br>• اب ہر گروپ گیلری واک کرتے ہوئے گھڑی وار ہر ایک گروہ کا کام دیکھے۔ پوسٹڈ نوٹس پر اپنی رائے تحریر کیجیے۔ جب آپ اپنے کام تک واپس آئیں تو توجہ طلب پوسٹ نکات پر وضاحت دیجیے۔<br><br>**ٹرینر نوٹ:** اس مشق کو کرنے کا مقصد نصابی دستاویز اور کتاب میں موجود تفہیم موضوعات کا استعمال ممکن بنانا ہے۔ پیش رفت کا خاکہ مختلف مہارتوں کے حاصلِ تعلم کو دیکھنا اور اس کے استعمال کو درست خطوط پر کیا جا سکے اس لئے ہر مہارت کے لیے اسے استعمال کیا گیا۔<br><br>اس سرگرمی کا اختتام کرتے ہوئے اب مربوط مہارتوں کی اہمیت کی طرف بڑھنا ہے تاکہ سبقی منصوبہ سازی کا عمل ممکن ہو سکے۔ | پیش رفت کا خاکہ<br>اے تھری پرچے<br>مارکر، ٹیپ۔ پن<br>ٹیکسٹ بک<br>پوسٹڈ نوٹس |

| وقت | ذیلی موضوعات | سرگرمیاں / طریقہ کار | تدریسی معاونات / وسائل |
| --- | --- | --- | --- |
| 12:10-01:00<br>50 منٹ<br><br>ابتدائی گفتگو<br>10 منٹ<br><br>سابقہ سرگرمیوں پر مہارتوں کے | زبان کی تدریس میں بنیادی لسانی مہارتوں کا مربوط استعمال | ● کل جماعتی صورتحال میں ٹیوٹر پوچھیں گے کہ اب تک ہم نے کون کون سی مہارتوں پر کام کیا؟<br>● اگر مجھے ایک جماعت میں منظر نگاری کروانی ہے تو میں جماعت میں جاکر سب سے پہلے کیا کروں گی۔ گا؟<br>● جوابات کی مدد سے ٹیوٹر کے پاس مہارتیں نکل کر آئیں گی۔ اگر نہ آئیں تو جواب سے سوال نکال کر انہیں برین اسٹارمنگ، بولنے، پڑھنے، لکھنے وغیرہ پر لائیں۔<br>● اب یہاں سوال دوبارہ دہرائیں مجھے تو صرف منظر کی تفصیل لکھوانا ہے تو جماعت میں جاتے ہی کیوں نہ کاپی کا کام شروع کروادیا جائے؟<br>● اسباق کے جواب میں سے مہارتوں کا اختلاط نکالئے اور تبالہ کیجئے۔ کہ:<br>❖ کہ آپ مہارتوں کے ضم کرنے یا اختلاط سے کیا سمجھتے ہیں؟<br>❖ کل جماعتی فیڈبیک (Feedback) لیا جائے گا۔<br>❖ چاروں مہارتوں کی تدریس میں انفرادی اہمیت اور اس کے عمل پر فیڈبیک (Feedback) لیا جائے گا۔<br>❖ زبان سیکھنے میں ان مہارتوں کا ملاکر چلنا کس طرح اہم ہے جواب لیا جائے گا۔<br>● اب ٹیوٹر انفرادی آراء کو توجہ سے سنیں۔<br>● ممکنہ جوابات: ایک ہی سبق میں چاروں مہارتوں کا شامل ہونا، ایک مہارت کے پورا ہونے سے دوسری مہارتوں کا خودبخود پورا ہونا، سننے کا عمل بولنے سے پورا ہونا یا اسی طرح پڑھائی کا فیڈبیک (Feedback) دیتے ہوئے لکھنا وغیرہ۔<br>● یہاں طلبہ سے پوچھئے کہ کیا چاروں مہارتوں کو سکھاتے ہوئے ہی مربوط کیا جانا چاہیے تاکہ ان کی جانچ کی جائے یا نہیں؟<br>● اب یہاں شرکاء کی بنائی پہلے اور دوسرے دن کی سرگرمیاں، آج کی بنائی تحریری سرگرمیاں اور پڑھایا گیا سبق سب کو مدِ نظر رکھیے اور یہ بتایئے کہ کیا ان سرگرمیوں میں صرف ایک مہارت استعمال ہو رہی تھی؟<br>● جیسے پڑھائی کے خاکے پر کام کیا تو کون کون سی مہارت استعمال کی؟<br>● کیا مقصد لکھائی کی جانچ تھا؟ جب بوتل کی صفات بتارہے تھے تو کیا گفت کی جانچ کرنا مقصود تھی؟ | |

| وقت | ذیلی موضوعات | سرگرمیاں / طریقہ کار | تدریسی معاونات / وسائل |
|---|---|---|---|
| اطلاق کا فیڈبیک (Feedback)<br>20منٹ | | • اس طرح کے کئی سوال شرکاء کی بنائی سرگرمیوں سے نکالے اور پوچھے جائیں گے۔اس طرح انہیں خاص طور سے اپنی مشق سے سمجھنے اور سیکھنے کا موقع دیجیے۔<br>• ٹیوٹر نوٹ:اب یہاں مہارتوں کے آپس میں ربط کی وضاحت کروائی جائے گی کہ کس طرح ایک مہارت دوسری مہارت کے سیکھنے میں تعلق بناتی ہے۔اسی تعلق بنانے کا عمل مہارتوں کا ربط یاIntegration کہلاتا ہے۔جو زبان کو مجموعی طور پر سیکھنے کے لئے مدد معاون ہے اب شرکاء کو موقع دیا جائے گا کہ وہ<br>➢ اس ربط کو جماعت میں استعمال کرنا کیوں ضروری ہے واضح کریں گے؟<br>➢ اس ربط سے زبان سیکھنے پر کیا اثر پڑتا ہے یا کیا فائدہ ہوتا ہے وضاحت کیجیے۔<br>یہ تمام مندرجہ بالا نکات طلبہ سے معاونت سے نکلوائے جاسکتے ہیں ساتھ ساتھ ٹیوٹر ضرورت کے مطابق وضاحت بھی پیش کریں گا یا گی کہ اچھا قاری ایک اچھا مصنف بنتا ہے،اگر آپ کو ایک سطر لکھنی ہے تو دس سطور پڑھیے اگر دس سطور لکھنی ہیں تو دس صفحہ پڑھیے اور اگر دس صفحات تو دس کتابیں پڑھیے یعنی لکھنے کی مہارت کو ترقی دینے میں پڑھنا کی مہارت کلید کی حیثیت رکھتی ہے۔ | |
| 12:40–1:00<br>20منٹ | مہارتوں کے انضمام کی مشق | مہارتوں کے انضمام کی مشق:<br>• گروہ میں رہتے ہوئے طلبہ کو سبقی منصوبہ کو چار سرگرمیاں (ضمیمہ 13) تحریری طور پر مہیا کی جائیں گی۔ جس کو پڑھ کر لکھنا اور پڑھنا کی سرگرمی میں ربط بنانا ہے۔<br>• طلبہ کو ہدایت کی جائے گی کہ ربط اس طرح بنایئے کہ یہ ایک دن کے سبقی منصوبہ میں استعمال ہو سکیں۔<br>• ممکنہ طور پر اختلاط اگر درست سمت میں نہیں ہو گا تو اس کا جائزہ بھی لیا جائے گا۔اور غلطی کی وجہ پر بھی تبادلہ کیا جائے گا۔<br>• بعد ازاں ان دونوں سرگرمیوں کے لئے سابقہ معلومات اور حاصلِ تعلم پیش رفت کے خاکے سے منتخب کیجیے۔ | ضمیمہ 13<br>سرگرمیوں کی پٹیاں<br>اور چارٹ پیپر کے آدھے ٹکڑے جن پر چپکائیں گے۔<br>گلو اسٹک |

| وقت | ذیلی موضوعات | سرگرمیاں / طریقہ کار | تدریسی معاونات / وسائل |
|---|---|---|---|
| | | • اس کام کے لئے طلبہ کو چارٹ پیپر مہیا کئے جائیں گے۔ جس پر یہ تمام کام پوسٹ کر کے جماعت میں آویزاں کیا جائے گا۔ اب باری باری ہر ایک چارٹ پیپر کی سرگرمیوں کا معلمہ کل جماعتی صورتحال میں تجزیہ کریں گی۔<br>• کھانے کے اوقات کے دوران ایک دوسرے کا کام دیکھیں گے اور اپنی اصلاح کے نکات ذہن میں رکھیں گے۔<br>**ٹیوٹر نوٹ:** ٹیوٹر دورانِ سرگرمی تمام شرکاء کے گروپ میں نگرانی و معاونت کرتے ہوئے یہ دیکھ لیں کے اختلاط درست ہوا ہے اور اس کی منطقی دلیل ہے یا بغیر اندازے کے ملایا جارہا ہے۔ اس طرح کھانے کے بعد صرف دس منٹ لگا کر اس کا مجموعی فیڈ بیک (Feedback) دیا جائے گا۔ | |
| | | کھانے اور نماز کا وقفہ: 01:00-02:00 | |
| 2:00 -2:20<br>20منٹ<br>برین اسٹرامنگ<br>10منٹ<br>مطالعہ<br>10منٹ | سبقی منصوبہ سازی کیوں ضروری؟ | برین اسٹرامنگ<br>• کل جماعتی صورتحال میں بورڈ پر ٹیوٹر "منصوبہ سازی" لکھ کر شرکاء کو دعوت دیں گے ذہن میں آیا کوئی بھی خیال لفظ جو اس اصطلاح سے ذہن میں آیا۔<br>• جو بھی جوابات ہوں ان کو ممکنہ طور پر بورڈ پر لکھا جائے گا۔ قابلِ توجہ یا وضاحت والے پہلوؤں کو دائرہ لگا لیا جائے گا تا کہ بعد میں ان پر گفتگو کی جا سکے۔<br>• فیڈ بیک (Feedback) اس وقت تک لیں جب تک شرکاء مطمئن نہ ہو جائیں۔ اب اسی لفظ کے ساتھ سبقی کا اضافہ کر دیں تو بن گیا سبقی منصوبہ سازی۔ اب شرکاء کو اس فہرست یا جال میں اضافہ کرنے کا موقع دیجئے۔<br>• اب کل جماعت میں موقع دیا جائے گا کہ<br>اساتذہ کو سبقی منصوبہ سازی کیوں کرنا چاہیے یا کیوں کرتے ہیں؟<br>• اساتذہ کے ممکنہ جوابات کو فہرست کی شکل میں لکھا جائے گا پھر چار سلائیڈ پر ضمیمہ 14 کا متن پڑھوایا جائے گا۔ اور پوچھا جائے گا کہ آپ کے بتائے نکات میں کیا پہلو کم یا زیادہ تھا | ٹیکسٹ بک<br>چاک<br>بورڈ |


| وقت | ذیلی موضوعات | سرگرمیاں / طریقہ کار | تدریسی معاونات / وسائل |
|---|---|---|---|
| 3:35- 2:20<br>85منٹ<br>اجزاء اخز کرنا اور بتانا<br>20منٹ<br>سبقی منصوبہ سازی<br>40منٹ<br>پیشکش<br>ہر گروہ کو 5 منٹ میں اپنا بنایا منصوبہ پیش کرنا ہے<br>25منٹ | سبقی منصوبہ سازی کے اجزاء | • کل جماعتی صورتحال میں پوچھا جائے گا کہ، سبقی منصوبے کے بنیادی اجزاء کون کون سے ہیں؟<br>• شرکاء کا فیڈبیک (Feedback) لیتے ہوئے فہرست بنالی جائے گی۔ بعد ازاں اجزاء کی سلائیڈز ضمیمہ 15 دکھائی جائے گی اور ہر جزو کی اہمیت اور تفصیل پر تبادلہ کیا جائے گا۔<br>• SMART مقاصد کا بنانا بھی واضح کیا جائے گا۔<br>• اب ان اجزاء کا استعمال کرتے ہوئے ایک سبقی خاکہ مرتب کیا جائے گا۔ بورڈ پر ضمیمہ 16۔<br>• اب اس خاکے کی روشنی میں سبقی منصوبہ سازی کے لئے شرکاء کو 5 گروپ میں مرتب کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں اساتذہ سے ان کی جماعت یا ان کی ترجیح پوچھ کر گروپ مقرر کئے جائیں گے۔ اس طرح ہر جماعت کا ایک گروپ کام کرے گا۔<br>• ٹیکسٹ بک، پیش رفت کا خاکہ اور سبقی فارمیٹ کے ساتھ 60 منٹ کا سبقی کا کہ مرتب کروایا جائے گا۔<br>• باری باری ہر گروہ اپنا منصوبہ پیش کرے جس میں حاصلِ تعلم سیکھے گئے تدریسی طریقے، جانچ اور سرگرمیوں کے درمیان ربط اور مہارتوں کا انضمام دیکھا جائے گا۔<br>• یہ منصوبے آن لائن بھیجے بھی جائیں گے تاکہ ان کو سب سے اشتراک کیا جائے۔ | چارٹ پیپر<br>سبقی منصوبے کا خاکہ<br>کتابیں<br>پیش رفت کا خاکہ<br>مارکر<br>ٹیپ |
| 4:00- 3:35<br>15منٹ | دن بھر کی سرگرمیوں کا اعادہ | دن بھر کی سرگرمیوں کا اعادہ<br>• کل جماعتی صورتحال میں (Trainer) ٹرینر کچھ اس انداز میں سوال کریں گی کہ اس پورے تربیتی کورس سے کلیدی نکات جو آپ نے سیکھے ان پر کوئی رائے؟<br>• تقریباً سب کو موقع دیا جائے گا جو بتانا چاہیں | پوسٹڈ نوٹس<br>مقاصد کی سلائیڈ |

| تدریسی معاونات / وسائل | سرگرمیاں / طریقہ کار | ذیلی موضوعات | وقت |
|---|---|---|---|
| فیڈبیک(Feedback) فارم | فیڈبیک(Feedback) فارم پوری ذمہ داری سے مکمل کیجئے۔ | | فیڈبیک (Feedback) زبانی۔ 20منٹ۔ |


* * *

# ضمیمہ جات

## ضمیمہ 1 (الف) ناموں کے ٹیگ



## ضمیمہ 1 (ب) ناموں کے ٹیگ



# ضمیمہ 2

## اصول بنانے کے اشارے

| | |
|---|---|
| • تربیتی پروگرام میں شرکت کی پابندی اور حاضری کے اصول۔ | • سرگرمیوں کے دوران شمولیت کے لیے اصول۔ |
| • گروہی کاموں کے اصول۔ | • دورانِ تربیت لازمی کمرۂ نشست کے اصول۔ |
| • تفویض یا گھر کے کام کی تکمیل کے اصول۔ | • سیکھنے کی ذمہ داریوں کے لیے اصول۔ |
| • اس تربیتی پروگرام کے بعد فالو اپ کے اصول۔ | |

# ضمیمہ 3

## اردو بحیثیت زبان

ہم نے زبان کی مختلف ضروریات کا جائزہ لیا تھا اور یہ بھی معلوم کیا کہ اردو زبان کیسے وجود میں آئی اب ہم اس بات کا جائزہ لیں گے کہ قومی وسیاسی تاریخی ادبی، علمی، مذہبی وروحانی لحاظ . اردو کی ضرورت کن .تک ہے۔ ذیل میں ایسے پہلوؤں کی تفصیل پیش کی گئی ہے۔

## اردو کی قومی وسیاسی حیثیت

یہ اردو پاکستان کی قومی زبان ہے۔ بات دستور پاکستان 1973ء میں درج ہے، اس حوالے سے دنیا بھر میں پاکستانیوں کی زبان اردو قرار پاتی ہے۔ چنانچہ غیر ممالک کے افراد وفود تاجر ھنر مند انجینئر سائنسدان کھلاڑی وغیرہ جب پاکستانیوں سے بات کرتے ہیں تو یا تو وہ اردو کا سہارا لیتے یا پھر ان کی باتوں کے لیے اردو کے ترجمان جیا کیے جاتے ہیں۔ اگرچہ قدرے انگریزی بھی استعمال ہوتی ہے لیکن اسے قومی حیثیت حاصل نہیں اور انگریزی بولتے ہوئے کوئی بھی تصویر نہیں کرتا کہ وہ قومی زبان ہیں گفتگو کر رہا ہے۔ اردو پاکستان کے رابطے کی زبان ہے۔ پاکستان میں چالیس کے قریب مختلف مقامی زبانیں بولی جاتی ہیں جن میں ہند کو چترالی شنا کوہستانی، پشتو، پوٹھوہاری، پنجابی جنگی، سرائیکی، سندھی، پہاڑی، بلوچی، براہوی، مکرانی، کشمیری وغیرہ اہم ہیں۔ یہ وہ زبانیں ہیں جو صرف اپنے اپنے علاقے میں بولی جاتی ہیں۔ چنانچہ ان علاقوں کے لوگ جب دوسری جگہ جاتے ہیں تو انھیں رابطے اور اظہار مدعا کے لیے اردو کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ اس لحاظ سے اردو پاکستانی عوام کی قومی ضرورت کی زبان ہے۔

پاکستانی سیاست دانوں کو بھی عوام سے خطاب کرنے اور انھیں کسی سیاسی نقطہ نظر سے آگاہ کرنے اطلاعات فراہم کرنے اور کتابیں، پمفلیٹ اور پوسٹر چھپانے کے لیے اسی زبان کی ضرورت لاحق ہوتی ہے کیونکہ پاکستان کی دیگر زبانوں کی بہ نسبت اردو کا دائرہ ابلاغ اور دائرہ اثر وسیع تر ہے۔ چنانچہ سیاسی ضرورتوں کے لیے اردو ہی کو استعمال میں لایا جاتا ہے۔

# ضمیمہ 4

## سرگرمی کا خاکہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| جماعت: ____________ | موضوع / تھیم: ________________ | | |
| حاصلِ تعلم: | | | |
| سابقہ معلومات: (طلبہ پہلے سے کیا جانتے ہیں اور کیسے ؟) | | | |
| مہارت | سرگرمی کی تفصیل اور اقدامات | وقت | تدریسی وسائل |
| پڑھنا / پڑھائی | | | |
| لکھنا / لکھائی | | | |
| سرگرمی کا اختتامیہ: | | | |

# ضمیمہ 5

## مہارتوں کی تعریف:

### سننا:(Listening)

معروف ماہر تعلیم جیک سی رچرڈز(Jack C. Richards)کے مطابق،"سننا ایک فعال اور شعوری عمل ہے جس میں فرد بولے جانے والے الفاظ اور جملوں کو سمجھنے، ان کی تشریح کرنے، اور ان کے سیاق وسباق کو مد نظر رکھتے ہوئے معنی اخذ کرنے کی کوشش کرتا ہے"(Richards,2008). (Richards, J. C. (2008). Teaching Listening and Speaking: From Theory to Practice. Cambridge University Press.)

سننا بولی جانے والی زبان کو سمجھنے اور اس کی تشریح کرنے کی صلاحیت ہے۔ یہ مہارت رابطے کے لیے ضروری ہے کیونکہ اس کے ذریعے افراد دوسروں سے پیغامات حاصل کر کے انہیں سمجھ سکتے ہیں۔ سننے میں بولی جانے والی زبان پر توجہ دینا، اسے پروسیس کرنا اور اس کا مطلب سمجھنا شامل ہے۔ اس میں غیر زبانی اشارے، جیسے جسمانی زبان یا بدن بولی اور آواز کے لہجے کو پہچاننا اور سمجھنا بھی شامل ہے۔ مؤثر سننے کی صلاحیتوں کے لیے توجہ، ارتکاز، اور وضاحت کے لیے سوالات پوچھنے کی صلاحیت درکار ہوتی ہے تاکہ سمجھ بوجھ یقینی ہو۔

### بولنا:(Speaking)

ماہر لسانیات اسٹیفن کرشن(Stephen Krashen)کا کہنا ہے کہ "بولنا زبان کے اظہار کی بنیادی مہارت ہے، جس میں فرد اپنے خیالات اور معلومات کو زبانی طور پر دوسروں تک پہنچاتا ہے۔ مؤثر بولنے کے لیے زبان کی قواعد اور الفاظ کا مناسب استعمال ضروری ہوتا ہے"(Krashen,1982) (Krashen, S. D. (1982). Principles and Practice in Second Language Acquisition. Pergamon Press.)

بولنا خیالات، تصورات اور معلومات کو بولی جانے والی زبان کے ذریعے پہنچانے کی صلاحیت ہے۔ یہ مہارت رابطے کے لیے ضروری ہے کیونکہ اس کے ذریعے افراد اپنے خیالات کا اظہار اور دوسروں کے ساتھ معلومات کا اشتراک کر سکتے ہیں۔ بولنے میں خیالات کو منظم کرنا، مناسب الفاظ اور قواعد کا انتخاب کرنا، اور مؤثر بات چیت کی حکمت عملیوں جیسے قائل کرنا اور گفت وشنید کا استعمال کرنا شامل ہے۔ مؤثر بولنے کی صلاحیت کے لیے وضاحت، اعتماد، اور مختلف حالات اور سامعین کے مطابق زبان کو اپنانے کی صلاحیت کی ضرورت ہوتی ہے۔

### پڑھنا:(Reading)

ماہر لسانیات فیلیسیا برینٹن (Felicia Brenton) کہتی ہیں، "پڑھنا ایک جامع عمل ہے جس میں فرد الفاظ کو سمجھنے، جملوں کی ساخت کا تجزیہ کرنے، اور تحریر کے اندرونی معنی کو سمجھنے کے لیے مختلف علمی مہارتوں کا استعمال کرتا ہے۔"

(Brenton, F. (2005). Reading in a Second Language: Moving (2005,Brenton). from Theory to Practice. Cambridge University Press.)

پڑھنا تحریری زبان کو سمجھنے اور اس کی تشریح کرنے کی صلاحیت ہے۔ یہ مہارت تعلیمی کامیابی اور زندگی بھر کی تعلیم کے لیے ضروری ہے کیونکہ اس سے افراد کو مختلف ذرائع سے معلومات اور تصورات تک رسائی حاصل ہوتی ہے۔ پڑھنے میں تحریری زبان کو سمجھنا، الفاظ اور گرامر کو جاننا، اور مفہوم کو سمجھنا شامل ہے۔ مؤثر پڑھنے کی صلاحیت کے لیے روانی، فہم، اور متن کا تجزیہ اور تشخیص کرنے کی صلاحیت کی ضرورت ہوتی ہے۔

### لکھنا:(Writing)

ڈاکٹر ہائڈی برنی (Heidi Byrnes) لکھتی ہیں کہ "لکھنا خیالات اور تصورات کے تحریری اظہار کا عمل ہے، جس میں فرد اپنے خیالات کو منظم کرتا ہے، درست الفاظ اور گرامر کا انتخاب کرتا ہے، اور وضاحت اور روانی کے ساتھ لکھتا ہے"

.(Byrnes, H. (1998). Writing as a Communicative Activity in the (1998,Byrnes)

Foreign Language Curriculum. The University of Michigan Press.)

لکھنا خیالات، تصورات اور معلومات کو تحریری زبان کے ذریعے پہنچانے کی صلاحیت ہے۔ یہ مہارت تعلیمی کامیابی اور پیشہ ورانہ بات چیت کے لیے ضروری ہے کیونکہ اس کے ذریعے افراد پیچیدہ خیالات کا اظہار اور دوسروں کے ساتھ معلومات شیئر کر سکتے ہیں۔ لکھنے میں خیالات کو منظم کرنا، مناسب الفاظ اور گرامر کا انتخاب کرنا، اور مؤثر لکھنے کی حکمت عملیوں جیسے قائل کرنا اور دلیل پیش کرنا شامل ہے۔ مؤثر لکھنے کی صلاحیت کے لیے وضاحت، ربط اور تحریر کو مختلف مقاصد اور سامعین کے مطابق ڈھالنے کی صلاحیت کی ضرورت ہوتی ہے۔

# ضمیمہ 6

## سلائیڈ کا خاکہ مہارتیں اور ان کی ذیلی مہارات:



## ضمیمہ 7

# تصویری کہانی



## ضمیمہ 8

# سوالات

- سنائی گئی کہانی اور تصویر کا آپس میں کیا تعلق نظر آتا ہے؟
- تصویر کے کردار کو مصور نے اسی طرح بنایا یا ڈھالا جیسا کہ آپ کی کہانی میں موجود تھے؟ ظاہری حلیہ، مزاج، کیفیات وغیرہ
- تصاویر کو غور سے دیکھئے اور بتایئے کہ کہانی کسی اور طرح کی بھی بنائی جا سکتی ہے؟
- خرگوش اور کچھوا میں آپس میں کیا تعلق ہو گا؟ دونوں ایک دوسرے کے ساتھی یا دوست ہو سکتے ہیں؟ اپنے جواب کی وضاحت کے لئے تصویر سے ثبوت دیجئے۔
- آپ کے بنائے سوالات اور میرے بنائے سولات میں کیا فرق تھا؟ کیوں تھا؟

# ضمیمہ 9

**ہدایت:** دیئے گئے اقتباس کو غور سے پڑھیئے۔

ایک تھا کچھوا، ایک تھا خرگوش۔ دونوں نے آپس میں دوڑ کی شرط لگائی۔ کوئی کچھوے سے پوچھے کہ تو نے شرط کیوں لگائی، کیا سوچ کر لگائی؟ دنیا میں احمقوں کی کمی نہیں۔ ایک ڈھونڈو ہزار ملتے ہیں۔ بہر حال...... طے یہ ہوا کہ دونوں میں سے جو نیم کے ٹیلے تک پہلے پہنچے اسے اختیار ہے کہ ہارنے والے کے کان کاٹ لے۔

دوڑ شروع ہوئی تو کچھوا رہ گیا اور خرگوش یہ جا وہ جا۔ میاں کچھوے وضع داری کی چال چلتے رہے۔ کچھ دُور چل کر خیال آیا کہ اب آرام کرنا چاہئے۔ بہت چل لئے۔ ایک درخت کے نیچے بیٹھ کر اپنے شاندار ماضی کی یادوں میں کھو گئے جب اس دنیا میں کچھوے راج کیا کرتے تھے۔ سائنس اور فنونِ لطیفہ میں بھی ان کا بڑا نام تھا۔ یونہی سوچنے میں آنکھ لگ گئی۔ کیا دیکھتے ہیں کہ خود تو تخت شاہی پر بیٹھے ہیں۔ باقی زمینی مخلوق، شیر چیتے، خرگوش آدمی وغیرہ ہاتھ باندھے کھڑے ہیں یا فرشی سلام کر رہے ہیں۔ جب آنکھ کھلی تو سستی باقی تھی، بولے۔ "ابھی کیا جلدی ہے.... اس خرگوش کے بچے کی کیا اوقات ہے کہ مجھ جیسے عظیم ورثے کے مالک سے شرط جیت سکے۔ واہ بھئی واہ! میرے کیا کہنے۔"

نہ جانے کتنا زمانہ سوتے رہے۔ کافی زمانہ ستا لئے تو پھر ٹیلے کی طرف چل پڑے۔ وہاں پہنچے تو خرگوش نہ تھا۔ بے حد خوش ہوئے۔ خود کو داد دی واہ رے مستعدی۔ میں پہلے پہنچ گیا، بھلا میرا مقابلہ کوئی کر سکتا ہے؟ اتنے میں ان کی نظر خرگوش کے ایک پلّے پر پڑی۔ وہ اسی سے خرگوش کے بارے میں پوچھنے لگے۔ خرگوش کا بچہ بولا۔ "جناب وہ میرے والد صاحب تھے۔ وہ تو پانچ منٹ بعد ہی یہاں پہنچ گئے تھے اور مدّتوں آپ کا انتظار کرنے کے بعد مر گئے اور وصیت کر گئے کچھوے میاں یہاں آ جائیں تو ان کے کان کاٹ لینا۔ لٰہذا لائیے اِدھر کان....."

کچھوے نے فوراً ہی اپنے کان اور اپنی سری خول کے اندر کر لی۔ اور آج تک چھپائے پھرتا ہے۔

(انتخاب از ابنِ انشا۔۔ اردو کی آخری کتاب)

دیئے گئے خاکہ کو مکمل کیجے اور سوالات کے جوابات کی مدد سے پیشکش تیار کیجئے۔

# ضمیمہ 10۔الف

| (Events)واقعات | (Reaction)ردِ عمل |
| --- | --- |
| خرگوش | |
| کچھوا | |
| خرگوش کا بچہ | |

# ضمیمہ 10-ب

ہدایت: کہانی پڑھیے اور دیا گیا خاکہ مکمل کیجئے۔

**نقطہء عروج / کلائمکس:** مسئلہ اپنے عروج پر کیسے اور کب آیا؟

**کہانی بڑھی:** کس کردار نے مسئلہ کو بڑھانے میں کیا کام کیے؟

**مسئلہ کا حل:** کس کردار نے مسئلہ / تنازعہ کے حل کے لیے کیا کیا؟

**پس منظر:** کرداروں کا تعارف اور ترتیب کیا ہے؟ مسئلہ کا آغاز۔

**اختتام:** اس طرح کہانی اختتام تک کیسے پہنچی؟

## ماؤنٹین سرگرمی

# ضمیمہ 10۔ج

## پھل کا چھلکا اتاریئے / Peel the fruit

1۔ آپ نے کہانی کا سیر ورق دیکھا، مصنف کا نام دیکھا، عنوان دیکھا گیا مشاہدہ کیا؟


2۔ فوری طور پر کہانی کے ابتدائی جملے پڑھ کر ذہن میں آنے والے سوالات، خیالات کیا تھے؟

3۔ کہانی کا مرکزی پیغام یا مرکزی خیال کیا ہے؟

4۔ ہم اس کہانی کو ایک دوسرے زاویہ نگاہ سے کیسے دیکھ سکتے ہیں؟

5۔ یہ کہانی آپ کی زندگی کے کسی پہلو پر پوری اترتی ہے؟ یا کسی اور کہانی سے جوڑی جا سکتی ہے؟ یا آپ اس کہانی کو دنیا کے کسی

6۔ کہانی میں اصل میں کیا اہم واقعات ہوئے؟



# ضمیمہ 10۔د

نئے الفاظ کی تلاش معنی، متن سے تعلق اور اس کا استعمال دی گئی کہانی / متن سے نئے الفاظ منتخب کیجیے اور ان کی فہم پر توجہ دیجیے۔

| متن سے نئے الفاظ تلاش کیجیے | لغت سے معنی نکالیے | تصویری شکل میں فہم کا اظہار کیجیے | عبارت میں لفظ کہاں اور کیوں استعمال ہوا؟ | جملہ بنائیے |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |

## ضمیمہ 10۔ ہ

# متن کا تجزیہ/Analysis۔ قاری/Reader کی نظر سے

## Analyze the tone and mood of a text.

مصنف کے اندازِ تحریر کا اثر:

کہانی کا اندازِ تحریر کیسا ہے ایک لفظ میں بتائیے۔ اور منظر کی وہ تفصیل جس سے آپ کو کہانی سمجھنے میں مدد ملی:

کیا آپ متن سے ایسی مثال کی نشاندہی کر سکتے ہیں جہاں کہانی کا رنگ بدل گیا ہو جو کہ مصنف کے لہجہ یا انداز سے مختلف ہو؟ اس کا آپ کی فہم پر کیا اثر پڑا؟

اگر آپ اس متن کو کسی مختلف سوچ یا حالات کے تناظر میں پڑھتے ہیں (مثلاً، ایک مختلف وقت یا جگہ)، تو اس کے لہجے اور مزاج کی آپ کی تشریح کیسے بدل سکتی ہے؟

## ضمیمہ 11:

### مثالی لکھائی کی تصویر



# ضمیمہ 12

## ورک شیٹ جماعت اوّل

نام: ____________________ تاریخ: ____________

اپنی پانی کی بوتل پر دیئے گئے اشارات سے سادہ عبارت تحریر کیجئے۔

یہ میری ____________________ ہے۔ اس پر ____________

____________________ تصویر بنی ہے۔ اس کا رنگ ____________

______ ہے۔ یہ مجھے بازار سے ____________________ نے لا کر دی۔ میں اس میں ______

____________ ہوں۔ اس میں پانی بہت

____________ ۔ مجھے اپنی بوتل بہت ____________________

______ کیوں کہ ____________________________________

________________________________________________

## ضمیمہ 13

## مہارتوں کی مربوط سرگرمیاں (پڑھائی اور لکھائی)

پڑھنا: جماعت سوم کے طلبہ کو طلبہ کو جگ ساسر گرمی کرواتے ہوئے فلاحی کاموں میں حصہ لینے والی شخصیات (عبدالستار ایدھی، رتھ فاؤ، انصار برنی، شہزاد رائے، ڈاکٹر عبدالکریم باری، پروین سعید) پر مبنی متن دیا جائے گا جس میں ان شخصیات کا تعارف ان کے فلاحی کام اور اس سے معاشرے کے فوائد اور مثالی کردار پر معلومات ہوں گی۔ ہر گروہ پہلے فوکس گروپ میں جائے گا پھر اپنے مرکزی گروپ میں واپس آکر پڑھی گئی شخصیت کی معلومات سے سب کو آگاہ کرے گا۔ پھر انفرادی طور پر سب اپنی پڑھائی کی معلومات کے اظہار کے لئے تفہیمی سوالات پر مبنی ورک شیٹ حل کریں گے۔ جس میں فلاحی کاموں کی افادیت اور شخصیات کے کارناموں پر سوالات ہوں گے۔

لکھنا: جماعت سوم کے طلبہ کو انفرادی طور پر ایک عبارت (۱۵۰ الفاظ) لکھنے کا موقع دیا جائے گا۔ جس میں وہ درجہ ذیل نکات شامل کریں

- انہیں موقع ملے تو وہ کون سا فلاحی کام کرنا چاہیں گے ؟
- کیوں کریں گے اور کس طرح اس کام کو کریں گے ؟
- اس کام کے لئے ان کو کس شخصیت کے کاموں سے مدد مل سکتی ہے ؟

لکھنا: جماعت سوم کے طلبہ کو انفرادی طور پر ایک عبارت (۱۵۰ الفاظ) لکھنے کا موقع دیا جائے گا، جس میں وہ درجہ ذیل نکات شامل کریں

- انہیں موقع ملے تو وہ کہاں گھومنے جائیں گے ؟
- کیوں جائیں گے اور کس کس کے ساتھ جانا پسند کریں گے ؟
- گھومتے پھرتے ہوئے کیا کیا کام کریں گے ؟
- ان کاموں کا کیسا اثر پڑے گا؟

پڑھائی: آج جماعت سوم کے طلبہ انفرادی طور پر ایک ایسی کہانی پڑھیں گے جس میں کردار سیڑھیوں سے گرا اور اس کے پاؤں میں شدید چوٹ آئی اور اس دوران کس طرح اسے طبی امداد دی گئی اور گھر والوں نے کیسے اس کا خیال رکھا؟ اس طرح کی تفصیل درج ہے اور کہانی کا مرکزی خیال اور مصنف کی تحریر پر آج سوالات کے جوابات دیتے ہوئے زبانی تبادلہ کریں گے۔

لکھنا: جماعت سوم کے طلبہ کو آج مضمون نویسی سکھائی جائے گی ہدایت دی جائے گی کہ وہ دیئے گئے موضوع پر ۱۵۰ الفاظ کا ایک مضمون لکھیں گے۔

عنوان: ایک نہ بھولنے والا حادثہ

مضمون کے لئے پہلے واقعات کی تفصیل کے لئے درجہ ذیل اشارات پر نکات بنایئے پھر ترتیب سے پورا واقعہ لکھئے۔

- حادثہ کب پیش آیا
- کس کے ساتھ ہوا
- کہاں پیش آیا
- کیا کیا ہوا
- کس نے کس طرح مدد کی
- آپ پر اس حادثہ کا اثر
- آج تک یاد رہنے کی وجہ

لکھنا: جماعت سوم کے طلبہ کو آج مضمون نویسی سکھائی جائے گی ہدایت دی جائے گی کہ وہ دیئے گئے موضوع پر ۱۵۰ الفاظ کا ایک مضمون لکھیں گے۔

عنوان: کتاب سے دوستی کیجئے

مضمون کے لئے پہلے عنوان کی تفصیل کے لئے درجہ ذیل اشارات پر نکات بنایئے پھر ترتیب سے مضمون لکھئے۔

ابتداء: کتاب کی اہمیت کتاب سے دوستی کیسے ؟

درمیان: دوستی کے فوائد معلومات تفریح پڑھنے کے فائدے

اختتام: کتاب سے دوستی کی ضرورت سب کو مشورہ

لکھنا: طلبہ کو چار مختلف الفاظ دیئے جائیں گے جن میں سے ہر ایک لفظ کے لئے تین تین ہم آواز الفاظ تحریر کریں گے۔

الفاظ: گڑیا پیاری لائے بول

اب ہدایت کی جائے گی کہ گروہی صورتحال میں مل کر اس بنائے ہم آواز الفاظ کی مدد سے پانچ سے چھ سطور کی نظم نگاری کیجئے۔

پڑھنا: جماعت سوم کے طلبہ پڑھائی کرتے ہوئے دی گئی نظموں کی بلند خوانی کریں گے۔

پھر انہیں ہدایت کی جائے گی کہ وہ جوڑیوں میں پڑھی گئی نظم سے اسمِ عام اور اسمِ خاص کی شناخت کریں گے۔

عام نام پر دائرہ لگائیں گے اور خاص نام پر خط کشید کریں گے۔

فیڈ بیک(Feedback) لیتے ہوئے معلمہ ان الفاظ کی فہرست بورڈ پر دو کالم میں بنائیں گی۔

پڑھنا: معلمہ طلبہ کو اپنی لکھی ہوئی نظم ترنم میں سنائیں گی۔

اب طلبہ کو گروہی صورتحال میں ہدایت دی جائے گی کہ لکھی گئی نظموں کو مل کر پڑھیں اور ان کی خاص طرز یا لے بنائیں۔

بعد ازاں ہر گروہ کو اپنی تیار طرز یا انداز میں نظم سنائے گا۔

فیڈ بیک(Feedback) لیتے ہوئے طلبہ کے نظم پڑھنے کے انداز اور آواز کے اتار چڑھاؤ سے بننے والے تاثر پر بات کی جائے گی کہ

اس طرح نظم سنا کر کیسا لگا؟

اپنی بنائی نظم کی طرز بناتے ہوئے آپ نے کن باتوں کا خیال رکھا۔

# ضمیمہ 14

## سبقی منصوبہ سازی کیوں ضروری ہے؟

1. سبقی منصوبہ سازی ہر قدم پر طریقۂ تدریس سے اساتذہ کو پہلے ہی آگاہ کر کے جماعت میں پڑھانے کے لیے تیار کر کے تدریسی عمل کی اجازت دیتا ہے۔اساتذہ کی کامیابی کو بڑھاتا ہے۔

2. بہتر سبقی منصوبہ سازی آپ کی جماعت کے لیے اس بات کی ضامن ہوتی ہے کہ کسی سبب ٹیچر تدریسی خدمات انجام نہ دے سکے تو متبادل ٹیچر اس کمی کو باآسانی پورا کر سکے

3. سبقی منصوبہ سازی ایک ٹیچر کو مستقبل کی بہتری کے لئے راہ دینے کا ذریعہ ہے۔ سبق کے تجزیہ سے آئندہ کا لائحہ عمل بنتا ہے۔

4. سبقی منصوبے محفوظ کر کے مستقبل میں استعمال کرتے ہوئے مناسب ترامیم کے ساتھ وقت بچایا جا سکتا ہے۔ پرانے منصوبوں کے بہترین حصوں کو قابلِ استعمال بنا کر ری سائیکل کر سکتے ہیں

ایک منظم تعلیمی ماحول کو فروغ دینے کے لیے مؤثر سبق کی منصوبہ بندی بہت ضروری ہے۔

# ضمیمہ 15

## سبقی منصوبہ سازی کے اجزاء

| اجزاء | تفصیل |
|---|---|
| Lesson Title / سبق کا عنوان | ایک واضح عنوان جو سبق کے مواد یا مرکوز حصے کا خلاصہ کرتا ہے۔ |
| LOs / حاسلاتِ تعلم / مقاصد | مخصوص، قابل پیائش، آموزشی نتائج جنہیں آپ سبق کے اختتام تک حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ |
| Prior Knowlege / سابقہ معلومات | سابقہ علم جو نئے سبق کی بنیاد فراہم کرتا ہے |
| Resources / وسائل | اسباق کے لیے درکار تمام مواد، وسائل اور ٹیکنالوجی کی فہرست، جیسے نصابی کتب، ہینڈ آؤٹ، بصری امداد، یا ملٹی میڈیا ٹولز۔ |
| Introduction or Hook۔ / تعارف یا آغاز | سبق کے موضوع کا ایک پر کشش تعارف جو طلبہ کی سابقہ معلومات اور ان کی دلچسپی کو حاصل کرنے اور مطابقت قائم کرنے کے لیے ڈیزائن کیا جاتا ہے |
| Activities / سر گرمیاں (مہارتوں کے مطابق مربوط) | طلبہ کے لیے اساتذہ کے تعاون اور تاثرات کے ساتھ نئے علم یا ہنر کو عملی طور پر آزمانے کے مواقع (انفرادی، اشتراکی |
| Teaching Method / تدریسی طریقے | تفصیلی اقدامات جو اس بات کا خاکہ پیش کرتے ہیں کہ آپ سبق کے مواد کو کیسے فراہم کریں گے، بشمول وضاحتیں، مظاہرے، مباحثے اور سر گرمیاں۔ |
| Assessment / جانچ | طلبہ کے سیکھنے کا اندازہ لگانے کے طریقے، جیسے کہ ابتدائی تشخیص، کوئز، یا کارکردگی کے کام، سبق کے مقاصد کے ساتھ منسلک ہوتے ہیں۔ |
| Extensions and Enrichment: / اضافی کام اور فروغ | ان طلبہ کے لیے اضافی سر گرمیاں یا وسائل جو جلد ختم کرتے ہیں یا اضافی چیلنج یا معاونت کی ضرورت ہے۔ |

## BOPPPSسبقی منصوبے کا خاکہ

BOPPPSماڈل میں چھ اجزاء شامل ہیں: ربط جوڑنا Bridge-in / ، حاصل تعلم Objective / ، قبل از تکلیلی جانی Pre- / assessmentشراکتی تعلم, Participatory Learning بعد از جانچ، Post Assessmentاور خلاصہ /Summary

ہر جزو کو مؤثر اور طلبہ مرکز /Students center سبقی منصوبہ بنانے کے لیے تفصیل سے ڈیزائن کیا گیا ہے۔

| وقت کا دورانیہ | سبق کے اجزاء | تفصیل | وسائل |
|---|---|---|---|
| 5منٹ | ربط جوڑنا<br>5منٹ<br>Bridge in(تعارف) | طلبہ کی توجہ حاصل کریں اور مطابقت قائم کریں۔ سبق سے سابقہ معلومات کو مربوط کرنے کے لیے سیاق وسباق، سوال، یا مثال فراہم کریں۔ مثال: ایک مختصر کہانی، تجس پیدا کرنے والا سوال، یا موضوع سے متعلق کوئی تصویر۔ | تدریس و تعلم کی معاونت کے لئے کیا وسائل استعمال کئے جائیں گے ؟ |
| 5منٹ | حاصلات تعلم(Objective | نشست کے لیے واضح اور قابل پیمائش سیکھنے کے مقاصد بیان کریں۔ ان میں یہ بیان کرنا چاہیے کہ سبق کے اختتام تک طلبہ کیا کر سکیں گے۔ مثال: "اس سبق کے انتقام تک طلبہ مد قل تحریر کے اہم عناصر کی شناخت اور تجزیہ کرنے کے قابل ہو سکیں گے۔ | |
| 15منٹ | قبل از تشکیلی جانچ چیت<br>Pre-assessment | سبق شروع کرنے سے پہلے پیشگی علم یا مہارت کا اندازہ لگائیں۔ یہ ایک فوری کو مزہ تبادلہ یا بات یا سوال پوچھنے کے ذریعے ہو سکتا ہے۔ مثال: ایک مختصر کو کر یا کلاس سے موضوع سے متعلق کلیدی اصطلاح یا تصور کی وضاحت طلبہ کی سابقہ معلومات میں سے کرنے کے لیے کہنا۔ | |
| 20منٹ | شراکتی تعلم<br>(سرگرمیاں)<br>Participatory Learning | طلبہ مرکز /student-centered سرگرمیوں کا خاکہ بنائیں جو سیکھنے کی رہنمائی کریں گی۔ بات چیت، گروپ درک، مباحے، یا ہینڈ آن سرگرمیوں کے ذریعے مشغولیت کو یقینی بنائیں۔ مثال: گروپ ڈسکشن، انٹرایکٹو مشقیں، کیس اسٹڈیز، یا رول پلے وغیرہ زبان کی تدریس میں یہاں مہارتوں کے لحاظ سے سرگرمیاں اور طریقہ تدریس وضع کیجیے۔ | |
| 10منٹ | بعد از تشکیلی مجموعی جانچ<br>-Post<br>assessment | اس بات کا اندازہ لگائیں کہ آیا سیکھنے کے مقاصد پورے ہوئے ہیں۔ یہ کوئنز، کلاس پریزینٹیشنز، یا مختصر تحریری اسائنمنٹس کے ذریعے کیا جا سکتا ہے۔<br>مثل سیب کے مادہ پرانی ایک فردنہ طلبہ کی پرلے مواد پر مبنی ایک فوری کوتر، طلبہ کی دی گئی پریزینٹیشن یا مواد کے مطابق تحریری کام یا حاصل سبق کا خلاصہ وغیرہ | |
| 5منٹ | خلاصہ (اختتامیہ Summary) | اہم نکات کا جائزہ لے کر، مستقبل کے سیکھنے سے منسلک ہو کر، یا طلبہ نے جو کچھ سیکھا ہے اس پر غور کرنے کی اجازت دے کر سبق کا انتقام کریں۔ مثال: اسباق کے اہم مخیالات کو دوبارہ ترتیب دیں، طلبہ سے ایک ذہن میں رہ جانے والی بات یا سیکھا گیا اہم نکتہ شیئر کرنے کو کہیں، یا اگلے سبق سے پیشگی ربط کی طرف جائیں وغیرہ۔ | |

# ضمیمہ 17 (الف)

## سمعی آڈیو:

تیسرے دن کی پاور پوائنٹ پریزنٹیشن میں دی گئی آڈیو
(سافٹ کاپی میں نیچے دیئے گئے آئکن پر کلک کریں)

Listening Day 3.wav

# ضمیمہ 17(ب)

جماعت: چہارم　　　　　　　　　　　　　　　　تاریخ:_______________

سنی گئی عبارت کے مطابق سوالات کے جوابات دیجیے۔

سوال نمبر ا: درست جوابات کا انتخاب کیجیے۔

1. اس کی عمر پانچ سال تھی۔
2. سیٹھ کا کارخانہ تھا۔
3. اپنے بیوی بچوں کے ساتھ سادہ زندگی گزار رہا تھا۔
4. تانیہ نے نوٹ کو رکھا۔
5. نوٹ کو پہلی بار غور سے دیکھا۔

| | |
|---|---|
| الف: نوٹ کی | ب: سیٹھ کی |
| الف: چاکلیٹ کا | ب: مرچوں کا |
| الف: ویٹر | الف: ڈاکٹر |
| الف: جیب میں | ب: بستہ میں |
| الف: تانیہ نے | ب: مانی نے |

**سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل خالی جگہ کو درست معلومات کی مدد سے پر کیجیے۔**

1. غبارے والے نے نوٹ کو ایک چھوٹی سی _______ میں رکھ دیا۔
2. _______ کا کھانس کر برا حال تھا۔
3. تانیہ نے نوٹ کے بدلے _______ خریدا۔
4. مانی کی نرم گرم مٹھی میں نوٹ کو بہت _______ ملا۔
5. ڈاکٹر فراز نے کھانے کے بعد ویٹر کو _______ کے طور پر نوٹ دیا۔

**سوال نمبر ۳: مندرجہ ذیل میں سے درست کے سامنے (✓) اور غلط کے سامنے (X) کا نشان لگائیے۔**

1. نوٹ تین دن تک سیٹھ کی تجوری میں پڑا رہا۔(　)
2. تانیہ دوسرے بچوں کے ساتھ اسکول میں کھیل رہی تھی۔(　)
3. سیٹھ کے کارخانے میں نوٹ کے دن بڑے سکون سے گزرے۔(　)
4. اسکول میں بچے بہت خاموش اور اداس تھے۔(　)
5. نوٹ کے آنے سے مانی کا البم مکمل ہو گیا تھا۔(　)

# ضمیمہ 17 (ج)

## کلید جانچ

جماعت: چہارم　　　　　　　　　　　　　　　　تاریخ:____________

سنی گئی عبارت کے مطابق سوالات کے جوابات دیجیے۔

سوال نمبر ۱: درست جوابات کا انتخاب کیجیے۔

1. اس کی عمر پانچ سال تھی۔
2. سیٹھ کا کارخانہ تھا۔
3. اپنے بیوی بچوں کے ساتھ سادہ زندگی گزار رہا تھا۔
4. تانیہ نے نوٹ کو رکھا۔
5. نوٹ کو پہلی بار غور سے دیکھا۔

| | |
|---|---|
| الف: نوٹ کی | ب: سیٹھ کی |
| الف: چاکلیٹ کا | ب: مرچوں کا |
| الف: ویٹر | الف: ڈاکٹر |
| الف: جیب میں | ب: بستہ میں |
| الف: تانیہ نے | ب: مانی نے |

**سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل خالی جگہ کو درست معلومات کی مدد سے پر کیجیے۔**

1. غبارے والے نے نوٹ کو ایک چھوٹی ــڈبیاــ میں رکھ دیا۔
2. ــسیٹھــ کا کھانس کھانس کر برا حال تھا۔
3. تانیہ نے نوٹ کے بدلے ــغبارہــ خریدا۔
4. مانی کی نرم گرم مٹھی میں نوٹ کو بہت ــسکونــ ملا۔
5. ڈاکٹر فراز نے کھانے کے بعد ویٹر کو ــسکونــ کے طور پر نوٹ دیا۔

**سوال نمبر ۳: مندرجہ ذیل میں سے درست کے سامنے (✓) اور غلط کے سامنے (✗) کا نشان لگائیے۔**

6. نوٹ تین دن تک سیٹھ کی تجوری میں پڑا رہا۔ ( ✗ )
7. تانیہ دوسرے بچوں کے ساتھ اسکول میں کھیل رہی تھی۔ ( ✓ )
8. سیٹھ کے کارخانے میں نوٹ کے دن بڑے سکون سے گزرے۔ ( ✗ )
9. اسکول میں بچے بہت خاموش اور اداس تھے۔ ( ✗ )
10. نوٹ کے آنے سے مانی کا البم مکمل ہو گیا تھا۔ ( ✓ )

**BALOCHISTAN STUDENT LEARNING IMPROVEMENT PROGRAMME (BSLP)**